آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ شال کوئٹہ

Daily SHAL Quetta

www.dailyshal.com

جلد نمبر 34 | بروز ہفتہ 12 نومبر 2022ء بمطابق 17 ربیع الثانی 1444ھ | شمارہ نمبر 266

سزا یافتہ مفرور ملک کی سب سے اہم تعیناتی کرنے جا رہا ہے

عمران خان

کیا نواز شریف میرٹ پر تعیناتی کرے گا، یہ بالکل بھی ایسا نہیں کرے گا، فیصلہ میرٹ پر ہونا چاہیے، قوم کے پاس کبھی کبھی موقع آتا ہے وہ اپنی تقدیر بدل سکے، قوم میں شعور آ گیا ہے، حقیقی آزادی مارچ کے شرکاء سے خطاب

ہمیں آئی ایم ایف سے قرضوں کی ضرورت ہی نہ پڑے، قوم ملک اور اپنے بچوں کے مستقبل کیلئے حقیقی آزادی مارچ میں شریک ہو، قوم کے پاس کبھی کبھی موقع آتا ہے وہ اپنی تقدیر بدل سکے

ملک کی تقدیر کے فیصلے کرنے جا رہے ہیں کہ انتخابات کب ہوں گے، نگراں حکومت کتنی دیر کیلئے ہوگی، جو تیس سال سے چوری کر کے پیسہ باہر لے کر جا رہا ہے وہ فیصلہ کریگا

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان نے کہا ہے کہ ملک کا وزیر اعظم سزا یافتہ مفرور سے لندن میں ملاقات کر کے سب سے اہم عہدے پر تعیناتی کیلئے مشاورت کر رہا ہے، سزا یافتہ مفرور ملک کی تقدیر کے فیصلے کرنے جا رہا ہے، نواز شریف کو میرٹ کا مطلب ہی پتہ نہیں، کیا نواز شریف میرٹ پر تعیناتی کرے گا، یہ بالکل بھی ایسا نہیں کرے گا، ہم چاہتے ہیں فیصلے میرٹ پر ہونے چاہئیں، نواز شریف اور آصف زرداری اگر چوری کا پیسہ ملک میں واپس لے آئیں تو ہمیں آئی ایم ایف سے قرضوں کی ضرورت ہی نہ پڑے، قوم ملک اور اپنے بچوں کے مستقبل کیلئے حقیقی بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو سے صوبائی وزیر انجینئر زمرک خان اچکزئی ملاقات کر رہے ہیں

دو بھائیوں کی ملی بھگت سے ارشد شریف کو قتل کیا گیا

وزیر داخلہ

صحافی وانیکر ارشد شریف کا کینیا میں قتل ایک ٹارگٹڈ مرڈر ہے، ارشد شریف کو قتل کرنیوالوں کو پتہ تھا کسے مارنا، کسے بچانا ہے' میں نے 2 روز پہلے بھی کہا تھا کہ ارشد شریف کا واقعہ غلط شناخت کا نہیں ہے

وقار اور خرم نے یا تو خود قتل کیا یا پھر پولیس کو ساتھ ملا کر قتل کرایا، دونوں بھائی کینیا میں ارب پتی ہیں، صحافی وانیکر ارشد شریف کا کینیا میں قتل ایک ٹارگٹڈ مرڈر ہے، وقار کے اسپانسر کرنے پر ارشد شریف دبئی سے کینیا پہنچے تھے، وزیر داخلہ

انہیں ڈرانے کے لیے ایک فرمائشی تھریٹ الرٹ جاری کیا گیا کہ آپ کی جان کو بہت خطرہ ہے، ارشد شریف پھر جانے پر مجبور ہوئے یا رضا مند ہوئے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ رانا ثناءاللہ نے کہا ہے کہ صحافی وانیکر ارشد شریف کا کینیا میں قتل ایک ٹارگٹڈ مرڈر ہے، ارشد شریف کو قتل کرنیوالوں کو پتہ تھا کسے مارنا، کسے بچانا ہے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ میں نے 2 روز پہلے بھی کہا تھا کہ ارشد شریف کا واقعہ غلط شناخت کا نہیں ہے۔ وزیر داخلہ رانا ثناءاللہ نے کہا کہ وقار کے اسپانسر کرنے پر ارشد شریف دبئی سے کینیا پہنچے تھے، وہ وقار کے فلیٹ میں ہی رہائش پزیر تھے۔ انہوں نے کہا کہ یہ واقعہ وقار، خرم اور گیسٹین پولیس کے ان 5 افسروں کی ملی بھگت کا نتیجہ ہے، تمام شواہد سے یہ بات ثابت ہے کہ یہ غلط شناخت کا کیس نہیں ہے۔ وزیر داخلہ رانا ثناءاللہ نے کہا کہ جن لوگوں نے گاڑی پر فائرنگ کی انہیں معلوم تھا کہ وہ کس پر فائر کر رہے ہیں، فائر کرنے والوں کو معلوم تھا کہ ارشد شریف کس طرف بیٹھے بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

لاہور: چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان حقیقی آزادی مارچ کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

سینٹ کی قائمہ کمیٹی خزانہ، کامل علی آغا ایف بی آر کے رویے کیخلاف پھٹ پڑے

چیئرمین ایف بی آر عاصم احمد نے انصاف کی یقین دہانی کراتے ہوئے معاملے کی تحقیقات کیلئے وقت مانگ لیا

ملک کے تمام بینکوں کے خلاف اضافی ڈالر ریٹ چارج کرنے کی انکوائری کر رہے ہیں، گورنر اسٹیٹ بینک کی بریفنگ

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ کا سلیم مانڈوی والا کی زیر صدارت اجلاس ہوا جس میں رکن کمیٹی کامل علی آغا ایف بی آر کے رویے کیخلاف پھٹ پڑے اور کہا ہے کہ ایف بی آر نے مجھے گاڑی ڈکلیئر نہ کرنے کا نوٹس جاری کر دیا، مجھے جواب دیں ورنہ ان کو سپریم کورٹ لے کر جاؤں گا جس پر چیئرمین ایف بی آر عاصم احمد نے انصاف کی یقین دہانی کراتے ہوئے معاملے کی تحقیقات کیلئے وقت مانگ لیا۔ سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ اور ریونیو کا چیئرمین سلیم مانڈوی والا کی زیر بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

کمشنر کوئٹہ ڈویژن کی زیر صدارت کوئٹہ شہر میں موجود کرش پلانٹس کے حوالے سے اجلاس

اجلاس میں کرش پلانٹس کے حوالے سے جگہ کے تعین سمیت دیگر امور اور درپیش مسائل کا جائزہ لیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) کمشنر کوئٹہ ڈویژن سہیل الرحمن بلوچ کی زیر صدارت کوئٹہ شہر میں موجود کرش پلانٹس کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ظہیک بلوچ، اسسٹنٹ کمشنر ریونیو کوئٹہ بابر خان کے علاوہ محکمہ ماحولیات، جنگلات، ریونیو، معدنیات اور بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

آرمی چیف کی تعیناتی میں میرٹ کو اولیت دی جائیگی، نواز و شہباز ملاقات میں فیصلہ

آرمی چیف کی تعیناتی آئینی معاملہ ہے، آئین کے مطابق طے ہوگا، زیر اعظم شہباز شریف کی گفتگو

لندن (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف اور مسلم لیگ (ن) کے قائد نواز شریف کے درمیان لندن میں ہونے والی ملاقات میں فیصلہ کیا گیا ہے کہ آرمی چیف کی تعیناتی میں میرٹ کو اولیت دی جائے گی۔ جی ٹی وی نے ذرائع کے حوالے سے بتایا کہ نواز شریف اور شہباز شریف کی ملاقاتوں بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

وفاقی حکومت کا ضروریات پوری کرنے کیلئے روس سے 60 کروڑ روپے مہنگی گندم خریدنے کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے گندم کی ضروریات پوری کرنے کیلئے روس سے ساٹھ کروڑ روپے مہنگی گندم خریدنے کا فیصلہ کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی حکومت نے روس سے گندم خریدنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق گندم کی ضروریات پوری کرنے کیلئے روس بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

کلاک میں کار اور ٹرک میں تصادم کے نتیجے میں 4 نوجوان جاں بحق جبکہ ایک زخمی

پولیس نے ٹرک ڈرائیور کلینر کو گرفتار کر کے ٹرک کو قبضے میں لے لیا

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ کے نواحی علاقے کلاک بائی پاس پر کار اور ٹرک کی ٹکر کے نتیجے میں چار نوجوان جان بحق جبکہ ایک زخمی ہوگیا۔ پولیس کے مطابق کوئٹہ کے پانچ نوجوان پکنک منانے زیارت جا رہے تھے کہ ان کی کار کلاک بائی پاس پر سامنے سے آنے والے ٹرک بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

لاہور: گورنر پنجاب محمد بلیغ الرحمان صدر پاکستان ڈاکٹر عارف علوی کا گورنر ہاؤس آمد پر استقبال کر رہے ہیں

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

قلات کی تحصیل منگچر سے ایک شخص کی لاش برآمد کر لی گئی

قلات (این این آئی) قلات کی تحصیل منگچر سے ایک شخص کی لاش برآمد کر لی گئی۔ لیویز کے مطابق جمعہ کو قلات کی تحصیل منگچر بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

واشک، لڑائی جھگڑے کے دوران فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق ہوگیا

واشک (این این آئی) ضلع واشک میں زمینی تنازعے پر دو گروپوں میں لڑائی جھگڑے کے دوران فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق ہوا بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

قلات میں پولیس کی چوکی پر دستی بم پر حملہ، ایک پولیس اہلکار زخمی

قلات (این این آئی) قلات میں پولیس کی چوکی پر دستی بم پر حملہ ایک پولیس اہلکار زخمی ہوگیا۔ پولیس کے مطابق گزشتہ رات بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

لسبیلہ کینال میں شگاف پڑ گیا، حب اور گڈانی کو پانی کی فراہمی معطل

لسبیلہ (این این آئی) لسبیلہ کینال میں شگاف پڑ گیا حب اور گڈانی کو پانی کی فراہمی معطل ہوگئی۔ اس سلسلے میں بتایا جاتا ہے کہ بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

ڈیلی میل نے حیلے بہانوں سے کیس کو تاخیر کا شکار کیا، مریم اورنگزیب

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اطلاعات مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ برطانوی اخبار ڈیلی میل نے ڈیڑھ سال حیلے بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

گلگت، گوہر آباد میں وائز جیپ گہری کھائی میں جا گری، تین افراد جاں بحق

گلگت (این این آئی) گلگت بلتستان کا ضلع دیامر کے گاؤں گوہر آباد میں وائز جیپ خطرناک موڑ کاٹتے ہوئے گہری کھائی میں بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

اوگرا نے نومبر 2022 کیلئے آر ایل این جی کی نئی قیمتوں کا اعلان کر دیا

اسلام آباد (این این آئی) اوگرا نے نومبر 2022 کے لیے آر ایل این جی کی نئی قیمتوں کا اعلان کر دیا۔ ترجمان بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

داسو دہشتگرد حملہ کیس میں دو ملزمان کو سزائے موت سنا دی گئی

ایبٹ آباد (این این آئی) خیبر پختونخوا میں اپر کوہستان کے علاقے داسو میں دہشت گردی کے واقعہ میں ملوث دو بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

ملک میں وسائل کی نہیں، اصل مسئلہ حکمرانوں کی نااہلی، مس مینجمنٹ، وسائل کی غیر منصفانہ تقسیم، کرپشن اور سودی نظام معیشت ہے، سراج الحق

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی سراج الحق نے کہا ہے کہ ملک میں وسائل کی نہیں، اصل مسئلہ حکمرانوں کی نااہلی، مس مینجمنٹ، وسائل کی غیر منصفانہ تقسیم، کرپشن اور سودی نظام معیشت ہے، رپورٹس کے مطابق ملک میں سالانہ پانچ ہزار ارب روپے کی کرپشن ہوتی ہے، بلوچستان میں کرپشن کا تناسب 65 فیصد، یعنی ایک ارب کے بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

آرمی چیف کا ملتان گیریژن کا دورہ، جوانوں سے ملاقات

آرمی چیف نے مادر وطن کی خدمت کیلئے فارمیشنز کی غیر معمولی پیشہ وارانہ قابلیت کو سراہا

راولپنڈی (این این آئی) آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ نے ملتان کے دورے میں سٹرائیک فارمیشنز کے دستوں کیساتھ بات چیت کے دوران ملکی خدمت میں غیر معمولی پیشہ ورانہ قابلیت کو سراہا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کی طرف سے جاری کردہ بیان کے مطابق سپہ سالار نے ملتان گیریژن میں افسران اور جوانوں سے ملاقات کی۔ آرمی چیف نے مادر وطن کی خدمت کیلئے فارمیشنز کی غیر معمولی پیشہ وارانہ قابلیت کو سراہا۔ اس موقع پر جنرل قمر جاوید باجوہ نے اسٹرائیک فارمیشنز کے دستوں کے ساتھ بھی بات چیت کی۔ آرمی چیف کا استقبال کمانڈر سدرن کمانڈ لیفٹیننٹ جنرل اختر نواز شی نے کیا۔

خیبر پختونخوا پولیس کے کمانڈوز کو لاہور میں عمران خان کی سیکورٹی پر تعینات کر دیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) خیبر پختونخوا پولیس کے کمانڈوز کو لاہور میں چیئرمین تحریک انصاف عمران خان کی سیکورٹی پر تعینات کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق عمران خان کو سیکیورٹی خدشات پر خیبر پختونخوا پولیس کمانڈوز چیئرمین پی ٹی آئی کی رہائش گاہ زمان پارک پہنچ گئے ہیں۔ کمانڈوز زمان پارک میں عمران خان کی سیکیورٹی کے فرائض بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

ترجمان پنجاب حکومت کو فروغ دینے کی خواہشمند، ڈپٹی پرائم منسٹر ڈنلڈ بلوم

پاکستان اور امریکہ کے تعلقات کا مستقبل تجارت، سرمایہ کاری، موسمیاتی تبدیلی، توانائی اور تعلیم کے شعبوں میں مزید رابطوں پر مبنی ہوگا

امریکی سرمایہ کاروں کو راغب کیا جائے، امریکہ میں متعلقہ لوگوں سے روابط بڑھائے جائیں' اپٹما کے دورے کے دوران عہدیداران سے گفتگو

لاہور (این این آئی) امریکی سفیر ڈونلڈ بلوم نے کہا ہے کہ امریکی حکومت پاکستان کے ساتھ دو طرفہ تجارتی تعلقات کو فروغ دینے کیخواہشمند ہے، پاکستان اور امریکہ کے تعلقات کا مستقبل تجارت، سرمایہ کاری، موسمیاتی تبدیلی، توانائی اور تعلیم کے شعبوں میں مزید رابطوں پر مبنی ہوگا۔ وہ آل پاکستان ٹیکسٹائل ملز ایسوسی ایشن کے دورے کے دوران اپٹما عہدیداران سے ملاقات میں گفتگو کر رہے تھے۔ اس موقع پر اپٹما کے گروپ لیڈر گوہر اعجاز، چیئرمین ناردرن زون حامد زمان، سینئر وائس چیئرمین کامران ارشد، وائس چیئرمین اسد شیخ، رضا باقر، شاہد ستار اور دیگر بھی موجود تھے۔ ڈونلڈ بلوم نے کہا بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

ارشد شریف کی پوسٹ مارٹم رپورٹ پیر کو الیلخانہ کو دی جائے گی، پمز انتظامیہ

ارشد شریف کی پوسٹ مارٹم رپورٹ سے متعلق خط کی خبریں بے بنیاد ہیں، پمز

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان انسٹیٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز (پمز) ہسپتال کی جانب سے ارشد شریف کی پوسٹ مارٹم رپورٹ پیر کو الیلخانہ کو دی جائیگی۔ پمز ہسپتال کے مطابق ارشد شریف کے اہل خانہ نے پہلی مرتبہ سربراہ پمز سے ملاقات کی، ارشد شریف کی پوسٹ مارٹم رپورٹ پیر کو الیلخانہ کو دی جائے گی۔ پمز انتظامیہ کے مطابق ارشد شریف کی پوسٹ مارٹم رپورٹ سے متعلق خط کی خبریں بے بنیاد ہیں، پوسٹ مارٹم رپورٹ سے متعلق ارشد شریف کی والدہ کا کوئی خط موصول نہیں بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

صدر عارف علوی کا نیشنل ڈیفنس یونیورسٹی کا دورہ، شرکا کو تقریب میں اسناد سے نوازا

صدر نے ملکی قیادت کیلئے نیشنل سیکورٹی ورکشاپس کے انعقاد میں این ڈی یو کے کردار کو سراہا

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت عارف علوی نے نیشنل ڈیفنس یونیورسٹی (این ڈی یو) اسلام آباد کا دورہ کیا اور 24 ویں نیشنل سیکورٹی ورکشاپ کے کامیاب شرکا کو منعقدہ تقریب میں میں اسناد سے نوازا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کی طرف سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت عارف علوی نے نیشنل ڈیفنس یونیورسٹی (این ڈی یو) اسلام آباد کا دورہ کیا اور 24 ویں نیشنل سیکورٹی ورکشاپ کے کامیاب شرکا کو منعقدہ تقریب میں میں اسناد سے نوازا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کی طرف سے جاری کردہ بیان کے مطابق صدر مملکت نے ورکشاپ میں ارکان پارلیمنٹ و صوبائی اسمبلیوں، بیوروکریٹس، سفیروں، مسلح افواج کے سینئر افسران شامل تھے۔ ورکشاپ میں سول سوسائٹی کے نمائندوں نے بھی شرکت کی۔ ورکشاپ بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

ایف بی آر کے ایکٹرک کے لیے فی یونٹ قیمت میں 5 روپے 13 پیسے کمی کی منظوری دیدی گئی

اسلام آباد (این این آئی) نیپرا نے ایکٹرک کے تنبر کے فیول چارجز ایڈجسٹمنٹ (ایف سی اے) کی مد میں 5 روپے 13 پیسے فی یونٹ کمی کی منظوری دے دی۔ میڈیا کے مطابق نیشنل پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) نے ایکٹرک کے تنبر کے لیے ایف سی اے میں کمی کی منظوری دیدی جس کا نوٹی فکیشن جاری کر دیا بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

سابق وزیر اعظم پر قاتلانہ حملہ ہوا اور وہ ایف آئی آر بھی درج نہیں کروا سکتے، شوکت ترین

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنماء شوکت ترین نے کہا ہے کہ مہذب معاشروں میں ایسا نہیں سنا کہ سابق وزیر اعظم پر قاتلانہ حملہ ہو اور وہ ایف آئی آر نہ درج کروا سکے۔ سابق وزیر خزانہ اور تحریک انصاف کے رہنماء شوکت ترین نے اپنے ایک ٹوئٹ میں کہا کہ بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

خصوصی افراد کی تعلیم و تربیت کے ساتھ ان کی مالی معاونت اور ان کے لئے سواری کی فراہمی بھی نہایت اہمیت کا حامل ہے، محمد گل خلجی

لوراللائی (رخ ن) کمشنر لوراللائی ڈویژن محمد گل خلجی نے کہا ہے کہ خصوصی افراد کی مدد ہم سب کی سماجی زمہ داری ہے تاکہ وہ مایوسی اور احساس کمتری کے شکار نہ ہوں اور وہ اپنا بوجھ خود برداشت کر سکیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں بلوچستان رورل سپورٹ پروگرام کے بی آر ایس پی۔ کے زیر اہتمام کنیڈا فنڈ کے تعاون سے خصوصی افراد میں بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

جدید ٹیکنالوجی سے بجلی چوری کی روک تھام، بلنگ کا معیار بہتر ہوگا، خرم دستگیر خان

حیدرآباد میں 60 فیصد تک بجلی کے نقصانات ہیں، اب صرف چار سے چھ گھنٹے کی لوڈ شیڈنگ ہو رہی ہے

اے بی سی کیبل کے حوالے سے فاضل رکن کے خدشات درست ہیں، وفاقی وزیر توانائی کا قومی اسمبلی میں جواب

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی کو بتایا گیا ہے کہ جدید ٹیکنالوجی کے استعمال سے بجلی چوری کی روک تھام ہوگی جبکہ بلنگ کا معیار بھی بہتر ہوگا۔ جمعہ کو قومی اسمبلی میں وقفہ سوالات کے دوران سکندر علی راہو پوچھ کے لوڈ شیڈنگ کے حوالے سے سوال کے جواب میں وفاقی وزیر توانائی خرم دستگیر خان نے کہا کہ ہم نے تحریری جواب میں ٹرانسفارمر وائز لوڈ شیڈنگ کی تفصیلات فراہم کی ہیں، حیدرآباد میں 60 فیصد تک بجلی کے نقصانات ہیں، اب صرف چار سے چھ گھنٹے کی لوڈ شیڈنگ ہو رہی ہے۔ جہاں نقصانات زیادہ ہیں وہاں لوڈ شیڈنگ زیادہ ہوتی ہے۔ ہم جلد ہی زیادہ نقصانات والے فیڈرز کے ٹرانسفارمرز میں ایک جدید میٹر لگائیں گے، اس سے بجلی کی فراہمی میں مثبت تبدیلی آئے گی۔ ان میٹرز کا ڈائرہ کار ایک سال میں پورے ملک میں پھیلایا جائے گا۔ ایک اور سوال کے جواب میں وزیر توانائی خرم دستگیر نے کہا کہ اے بی سی کیبل کے حوالے سے فاضل رکن کے خدشات درست ہیں، اس کیبل کو لگانے کا مقصد یہ تھا بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

پاکستان تحریک انصاف کے حقیقی لانگ مارچ کا گجرات سے آغاز

ان خان آپ ایک قدم بڑھائیں گے گجرات والے دو قدم بڑھائیں گے، حسین الٰہی

سابق وزیر اعظم کو قانونی حق کے لیے عدالت سے رجوع کرنا پڑ رہا ہے، شاہ محمود قریشی

گجرات (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے حقیقی لانگ مارچ کا جمعہ کو گجرات سے آغاز ہوگیا، شاہ محمود قریشی مرکزی کنٹینر پر قافلے کی قیادت کر رہے تھے۔ مرکزی کنٹینر پر پی ٹی آئی رہنما سمیت مسلم لیگ ق کے رہنما بھی سوار تھے۔ پی ٹی آئی لانگ مارچ کے مرکزی کنٹینر پر پی ٹی آئی رہنما شاہ محمود قریشی، فیصل جاوید، میاں محمود الرشید، ڈاکٹر یاسمین راشد جبکہ مسلم لیگ (ق) کے رہنماؤں میں حسین الٰہی، میاں عمران مسعود سمیت دیگر رہنما موجود رہے۔ مسلم لیگ ق کے رہنماؤں نے حقیقی آزادی مارچ بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

اعظم سواتی معاملہ ویڈیو ثبوت ویڈیو ملا کر بنائی گئی ہے، ایف آئی اے

وٹس ایپ کو ایف آئی اے مانیٹر نہیں کر سکتی، کمیٹی ہدایات کے مطابق مزید تحقیق کی جائے گی، ڈی جی کی کمیٹی کو بریفنگ

اعظم سواتی اجلاس میں نہیں آئے، گواہ چست مدعی سست والی بات ہے، مولانا غفور حیدری

اسلام آباد (این این آئی) ڈی جی ایف آئی اے نے سینیٹر اعظم سواتی مبینہ ویڈیو لیکس خصوصی کمیٹی کو بتایا ہے کہ ویڈیو دو تین ویڈیوز ملا کر بنائی گئی ہے، ویڈیو خفیہ کیمرے سے نہیں بنائی گئی، وٹس ایپ کو ایف آئی اے مانیٹر نہیں کر سکتی، کمیٹی ہدایات کے مطابق مزید تحقیق کی جائے گی جبکہ مولانا عبدالغفور حیدری کی زیر صدارت سینیٹر اعظم سواتی مبینہ ویڈیو لیکس خصوصی کمیٹی کا اجلاس ہوا جس میں سینیٹرز ذوالفقار خان، سلیم مانڈوی والا، ہدایت اللہ خان اور مشتاق احمد شریک ہوئے۔ مولانا غفور حیدری نے کہا کہ گزشتہ اجلاس بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

سود سے پاک معیشت پاکستان کی ترقی اور خوشحالی کی ضامن ہے، مولانا عبدالرحمن رفیق

جے یو آئی ملکی معیشت کو اسلامی احکامات کے مطابق ڈھالنا چاہتی ہے، جے یو آئی کوئٹہ

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کی اپیل پر قائم جمعیت مولانا فضل الرحمن کے حکم اور صوبائی امیر مولانا عبدالواسع کی ہدایات پر جمعہ کے روز ضلع بھر میں وفاقی وزیر خزانہ اسحاق ڈار کی جانب سے سٹیٹ بینک اور نیشنل بینک کی وفاقی شرعی عدالت کے سود کے خاتمے کے فیصلے کے خلاف اپیلیں واپس لینے کے اعلان کا خیر مقدم کرتے ہوئے یوم تشکر منایا۔ جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمن رفیق مولانا قاری مہر اللہ شیخ مولانا احمد جان مولانا محمد ہاشم ضیغمی مولانا حکیم بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

وزیر آباد مرکزی رہنماء پی ٹی آئی اسد عمر حقیقی آزادی مارچ کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

پاکستان ایک تکلیف دہ اور تباہ کن سیلاب سے گزرا ہے، شیری رحمن

دریائے سندھ کا نظام ہر صوبے سے گزرتا ہے اور ہمیں سندھ طاس کے تحفظ کے لیے کنسورشیم اپروچ کی ضرورت ہے

معاش کے ذرائع، زراعت اور خوراک شدید متاثر ہوئے ہیں اور صدی کے ریکارڈ سیلاب نے پورے ملک کی ٹوپوگرافی کو تبدیل کر دیا ہے، وفاقی وزیر

شرم الشیخ (این این آئی) وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی سینیٹر شیری رحمان نے کہا ہے کہ پاکستان ایک تکلیف دہ اور تباہ کن سیلاب سے گزرا ہے جس سے 33 ملین سے زائد افراد متاثر ہوئے ہیں، معاش کے ذرائع، زراعت اور خوراک شدید متاثر ہوئے ہیں اور صدی کے ریکارڈ سیلاب نے پورے ملک کی ٹوپوگرافی کو تبدیل کر دیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوپ۔27 میں انٹرنیشنل واٹر مینجمنٹ انسٹی ٹیوٹ اور ایف اے او کے زیر اہتمام واٹر پویلین میں اعلیٰ سطحی سیشن: تھیمیٹک ڈے 3 ''ڈیزاسٹر رسک ریڈکشن (ڈی آر آر) اور بہتر معاش کے لیے پانی ہر شعبہ'' سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کا تقریباً ایک تہائی حصہ سیلابی پانی میں ڈوب گیا ہے اور آفت کے بعد کی ضروریات کے تخمینے کے مطابق مجموعی طور پر 30 بلین ڈالر کا نقصان ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ معاش کے ذرائع، زراعت اور خوراک شدید متاثر ہوئے ہیں اور صدی کے ریکارڈ سیلاب نے پورے ملک کی ٹوپوگرافی کو تبدیل بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

حکومت پر امن سیٹلمنٹ کیلئے تیار نہیں، رانا ثناءاللہ چاہتے ہیں ملک میں فساد ہو، فواد چودھری

آرمی چیف کی تقرری پر اتفاق نہ ہونا سیاستدانوں کی ناکامی ہے

عمران خان کو گرفتار کیا گیا تو حالات خراب ہونگے، نجی ٹی وی سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے سینئر رہنما فواد چودھری نے کہا ہے کہ حکومت پر امن سیٹلمنٹ کیلئے تیار نہیں ہے، رانا ثناءاللہ چاہتے ہیں ملک میں فساد ہو آرمی چیف کی تقرری پر اتفاق نہ ہونا سیاستدانوں کی ناکامی ہے۔ عمران خان کو گرفتار کیا گیا تو حالات خراب ہونگے۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے سابق وفاقی وزیر اطلاعات فواد چودھری نے خبردار کرتے ہوئے کہا کہ اگر عمران خان کو گرفتار کیا گیا تو حالات خراب ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ اگر حکومت قبل از وقت انتخابات بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

ترجمان کیچ مکران کے ایک وفد کا میر حاجی اکبر آسکانی سے ملاقات

تربت (آن لائن) ترجمان کیچ مکران کے ایک وفد نے کوئٹہ جناح ٹاؤن آسکانی ہاؤس میں صوبائی وزیر میر حاجی اکبر آسکانی سے ملاقات کی جس میں مند بلیدہ تربت جھگجور و جمپ کے اراکین وفد شامل تھے صوبائی وزیر میر حاجی اکبر آسکانی نے اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

پولیس کی مدعیت میں درج کی گئی ایف آئی آر کی کوئی قانونی حیثیت نہیں، شاہ محمود قریشی

انصاف کے دروازے سب کے یکسان طور پر کھلے ہونے چاہئیں، چاہے سابق وزیر اعظم ہو یا عام آدمی ہو، گفتگو

گجرات (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما اور سابق وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے کہا ہے کہ پولیس کی مدعیت میں درج کی گئی ایف آئی آر کی کوئی قانونی حیثیت نہیں ہے۔ پاکستان تحریک انصاف کے رہنما اور سابق وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پولیس کی مدعیت میں جو ایف آئی آر درج ہوئی اس کی کوئی قانونی حیثیت نہیں ہے، ایف آئی آر میں شکایت کنندہ کا مقصد واضح نہیں ہے۔ شاہ محمود قریشی نے کہا کہ پاکستان تحریک انصاف سب سے پہلے اپنی ایف آئی بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

صحت کے شعبے میں پاکستان چین سے بھرپور تعاون جاری رکھے گا، اقبال حسن

گزشتہ ماہ وزیر اعظم شہباز شریف نے چین کا ایک کامیاب دورہ کیا اور مختلف یادداشتوں پر بھی دستخط ہوئے

ہیلتھ ٹیم اپنے کام کی تکمیل کے بعد وہ چین کی حکومت کو صحت کے شعبے میں پاکستان کی مزید مدد کے لیے بریف کریں گے' وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی ترقی اور خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے کہا ہے کہ صحت کے شعبہ میں درپیش چیلنجز سے نمٹنے کیلئے پاکستان چین سے بھرپور فائدہ اٹھائے گا۔ وہ چین کے شعبہ کلینیکل میڈیسن ہیلتھ گوانگ ژو اتنگ رجین کے وفد سے گفتگو کر رہے تھے۔ 13 ارکان پر مشتمل چینی ہیلتھ ماہرین 28 اکتوبر سے پاکستان کے دورے پر سیلاب سے متاثرہ افراد کو طبی امداد فراہم کرنے میں مصروف عمل ہے۔ ملاقات میں وفاقی وزیر کا کہنا تھا کہ چین کی صحت کے شعبہ میں نمایاں کامیابیاں بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

عمران خان معجزانہ طور پر بچ گئے، خطرہ ٹلا نہیں، شیخ رشید

بے اختیار اور فارغ وزیر اعظم ایمرجنسی میں 4 دن سے لندن بیٹھا ہے' آرمی چیف کی تعیناتی پر لندن میں استخارہ نکلوایا جا رہا ہے

معیشت تباہ، زرمبادلہ کے ذخائر کم، نہ گیس نہ پٹرول، تو سرمایہ کاری خاک ہوگی، سابق وزیر داخلہ

راولپنڈی (این این آئی) عوامی مسلم لیگ کے سربراہ شیخ رشید احمد نے کہا ہے کہ عمران خان معجزانہ طور پر بچ گئے، خطرہ ابھی ٹلا نہیں ہے۔ سماجی رابطوں کی ویب سائٹ ٹو

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.com

اداریہ EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظریہ ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

12 نومبر 2022ء

سود کے خلاف درخواستیں واپس لینے کا اعلان خوش آئند ہے

وزیر خزانہ اسحاق ڈار کی جانب سے سود کے خلاف درخواستیں واپس لینے کا اعلان خوش آئند ہے، الحمدللہ آج جماعت اسلامی کی پارلیمان سے عدالت تک مسلسل جدوجہد رنگ لے آئی ہے جس پر پوری قوم کو مبارکباد دیتے ہیں۔ سودی معیشت ایک ناسور ہے جس نے تباہی کے سوا کچھ نہیں دیا، حکومت فوری طور پر ملکی معیشت کو سود سے پاک کرنے کے لئے اقدامات کرے، سود سے نجات اسلامی خوشحال پاکستان کی طرف بڑی پیش رفت ہوگی۔ ملک وقوم کی ترقی کے لئے سودی معاشی نظام کا مکمل خاتمہ کرنا ہوگا، سودی نظام تمام مسائل کی بنیادی جڑ ہے۔ آئی ایم ایف کی غلامی کو قبول کرنے میں تحریک انصاف اور اتحادی حکومت دونوں برابر کی مجرم ہیں، دونوں نے عوام کی مشکلات میں اضافے کے سوا کچھ نہیں کیا۔ مہنگائی آسمان سے باتیں کر رہی ہے، ملکی مشکلات، مصائب، پریشانیوں، بحران در بحران اور تکالیف کی بنیادی وجہ سودی نظام ہے، جلد از جلد سودی نظام سے نجات ہی میں ملک وقوم کی عافیت وفائدہ ہے۔ وزیر خزانہ معیشت کو قرآن وسنت کی بنیاد پر استوار کریں رہنمائی کیلئے ملک بھر میں جید علمائے کرام کی کمی نہیں، اب حکومت کو بینکنگ نظام سمیت تمام مالیاتی معاملات کو قرآن وسنت کے مطابق بنانے کیلئے ضروری قانون سازی کرنی چاہیے۔ حکومت کی طرف سے سپریم کورٹ میں دائر اپیل واپس لینے سے وفاقی شرعی عدالت کا فیصلہ روبعمل ہوجائیگا ویسے بھی فیصلہ میں عمل درآمد کیلئے حکومت نے بہت تاخیر کردی عالمی سطح پر بھی پاکستان کے مالیاتی لین دین قرآن وسنت کے مطابق ہوں گے پوری قوم عمل درآمد کے منتظر ہے۔ اسلامی معیشت سے قوم پریشانی مشکلات اور مسائل سے نجات پائیں گے، سودی معیشت کی وجہ سے اللہ اور رسولؐ سے جنگ کیساتھ ملک میں معاشی عدم استحکام اور بے یقینی کی صورتحال بڑھتی چلی جارہی ہے، ملک دیوالیہ ہونے کے قریب پہنچ چکا ہے یہ سب سودی معیشت وبدعنوانی کی وجہ سے ہے۔

شاہین شاندار کارکردگی کی بدولت فائنل میں پہنچ گئے

افضل افتخار

پاکستان کرکٹ ٹیم نے ٹی20 ورلڈ کپ کے فائنل کے لئے کوالیفائی کرلیا جہاں اس کا مقابلہ آج بھارت اور انگلینڈ کے میچ کی فاتح ٹیم نے اتوار کو کھیلا جائے گا پاکستان کا ٹی20 ورلڈ کپ کا سفر بہت دلچسپ رہا آغاز میں دو میچ ہارنے کے بعد لگ رہا تھا کہ پاکستان شائد کسی بھی صورت سیمی فائنل تک رسائی حاصل نہیں کرسکے گی لیکن جس طرح قومی ٹیم نے کم بیک کیا اور قوم نے دعائیں کی اس کی بدولت پاکستان کو ٹی20 ورلڈ کپ میں کوالیفائی حاصل کرنا نصیب ہوا پاکستان کی ٹیم نے سیمی فائنل میں ایونٹ کی فیورٹ ٹیم نیوزی لینڈ کو عمدہ کھیل سے شکست دی بلاشبہ پاکستانی کھلاڑی میچ میں ہر شعبے میں بہترین پرفارمنس دیتے ہوئے نظر آئے کپتان بابر اعظم نے بطور کپتان اور بیٹسمین جس طرح سے اپنی ذمہ داریاں پوری کیں وہ قابل تعریف ہیں اس سے قبل ان کی بیٹنگ پر تنقید کی جارہی تھی جس کا جواب انہوں نے اپنی عمدہ پرفارمنس سے دے دیا ہے امید ہے کہ اب وہ اسی طرح سے فائنل میں بھی ٹیم کے لئے بڑا اسکور کریں گے سیمی فائنل میں پاکستان کی ٹیم نے تینوں شعبوں میں عمدہ پرفارمنس دکھائی سڈنی میں مقیم پاکستانیوں نے بھی پاکستان کرکٹ ٹیم کی جیت پر نہایت خوشی کا اظہار کیا اور جشن منایا پاکستان کی ٹیم ایک مرتبہ ٹی ٹونٹی ورلڈ کپ اپنے نام کرچکی ہے اور اب قوی امید ہے کہ دوسری مرتبہ بھی پاکستان کی ٹیم ہی ایونٹ کی فاتح ہوگی دوسری جانب آج بھارت اور انگلینڈ کی ٹیمیں بھی ایک دوسرے کا مقابلہ کرنے کے لئے سیمی فائنل میچ کھیل رہی ہے بھارت کی ٹیم اپنے گروپ میں پہلے نمبر پر ہے شائقین کرکٹ کو امید ہے کہ فائنل میں بھارت ہو یا انگلینڈ پاکستان کی ٹیم اس کو شکست سے دوچار کرے گی شائقین یہ بھی خواہش رکھتے ہیں کہ فائنل میں پاکستان کا مقابلہ روائتی حریف بھارت کے ساتھ ہو اور پاکستان کی ٹیم کامیابی حاصل کرے پاکستان کی ٹیم اس وقت بہترین پرفارمنس کی بدولت فائنل بھی اپنے نام کرنے کی پوری صلاحیت رکھتی ہے بس ایسی ہی محنت وجوش جذبے سے کھیلنے کی ضرورت ہے۔

پاکستانی ٹیم ٹی ٹونٹی ورلڈ کپ کے فائنل میں پہنچ گئی

فیصل شامی

انتہائی خوشی کی خبر ہے پاکستانی ٹیم ٹی ٹونٹی ورلڈ کپ کے فائنل میں پہنچ گئی پوری قوم خوشی کے گیت گارہی ہے شادیانے بجارہی ہے اور یقینا خوشی کا موقع ہے کہ شاہین ٹی ٹونٹی ورلڈ کپ فائنل میں پہنچ گئے اور پوری قوم کی دعائیں پاکستانی ٹیم کے ساتھ ہیں اور یقینا قوم کی دعاؤں سے ہی پاکستانی ٹیم سیمی فائنل میں پہنچ گئی اور چیف آف آرمی اسٹاف جنرل باجوہ نے بھی پاکستانی ٹیم کو سیمی فائنل میں پہنچنے پر مبارکباد دی، وزیراعظم پاکستان سمیت دیگر سیاسی سماجی رہنماؤں نے بھی قومی ٹیم کو مبارکباد دی اور یقینا سیمی فائنل میں پاکستانی ٹیم نے انتہائی عمدہ کارکردگی کا مظاہرہ کیا اسی لئے جیت شاہینوں کا مقدر بنی پاکستانی باؤلرز کی زبردست باؤلنگ اور بلے بازوں کی دھواں دھار بیٹنگ نے نیوزی لینڈ کو چاروں شانے چت کردیا نیوزی لینڈ کی ٹیم نے پاکستانی ٹیم کو ایک سو پچاس رنز کا ہدف دیا جسے پاکستانی ٹیم نے با آسانی پورا کرلیا اور پاکستانی ٹیم کی جیت سے پوری قوم خوشی کے شادیانے بجارہی ہے اور یہ دعا بھی کررہی ہے کہ پاکستانی ٹیم فائنل میں بھی اسی طرح عمدہ کھیل کا مظاہرہ کرے اور ٹی ٹونٹی ورلڈ کپ جیت کر ہی واپس آئے تو بہرحال اب دیکھتے ہیں کہ پاکستان کا فائنل میں بھارت سے یا انگلینڈ سے مقابلہ ہوگا۔ یہ فیصلہ ابھی ہونا باقی ہے اور اب دیکھتے ہیں کہ پاکستانی ٹیم کا مقابلہ فائنل کس ٹیم کے ساتھ ہوگا یہ بار بھی وقت ہی بتائے گا اور فائنل میں شاہین کامیابی کے جھنڈے گاڑ کے دنیا بھر کے سامنے پاکستانی پرچم اونچا کرسکیں گے یا نہیں یہ بات بھی وقت ہی بتائے گا تو بہرحال اجازت دوستوں ملتے ہیں جلد ایک بریک کے بعد تو چلتے چلتے اللہ نگہبان رب راکھا۔

سیلاب اور کالا باغ ڈیم

محمد اکرم جوئیہ

کالا باغ ڈیم پنجاب کی سرزمین پر بننے والا آبی منصوبہ ہے جو سیاسی طور پر آج تک نہ بن سکا پاکستان بننے کے فوراً بعد ہی بانی پاکستان قائداعظم نے سب سے پہلے کالا باغ ڈیم کی تجویز دی تھی اور اس کے ساتھ ساتھ باقاعدہ طور پر جو بھی متعلقہ ڈیپارٹمنٹ کو 1948ء میں دریائے سندھ پر کالا باغ کے مقام پر ہائیڈرو پراجیکٹ پر کام شروع کرنے کا تحریری مراسلہ جاری کرکے اور قانونی طور پر اس پر کام شروع کرنے کی ہدایت کی مگر افسوس کی بات تو یہ ہے کہ قائداعظم کی وفات کے بعد ہی اس پراجیکٹ کو نظرانداز کردیا گیا ہماری سب سے بری خامی بھی تو یہی ہے کہ اگر ترقیاتی منصوبہ بنانے والی حکومت چلی جائے یا حکمران وفات پا جائے تو تمام کے تمام ترقیاتی کام اس کے ساتھ رک جاتے ہیں۔ خواہ اس پراجیکٹ پر کس قدر پیسہ خرچ ہوا ہو۔ 1948ء کے بعد پھر 1953ء میں دوبارہ اس پر کام شروع ہوا۔ اس سلسلے میں چاروں صوبوں کے چیف جسٹس کی ایک کمیٹی بھی تشکیل دی گئی ان سربراہان کے ذمہ کالا باغ ڈیم کا ہر لحاظ سے جائزہ لینا تھا اور چاروں صوبوں کو ایک پلیٹ فارم پر جمع کرنا تھا اور صوبہ کے اعتراضات اور تحفظات کو سننا تھا اس میں سندھ کے چیف جسٹس بھی شامل تھے۔ جنہوں نے اس کے حق میں فیصلہ دیا کالا باغ ڈیم کی تعمیر میں زیرآب آنے والی قابل کاشت اراضی 27500 ایکٹر میں سے 24500 ایکٹر پنجاب اور 3000 ایکٹر صوبہ سرحد کی تھی۔
کالا باغ ڈیم پر 1953ء میں کام شروع ہوگیا اس وقت کسی بھی سیاسی جماعت، سیاسی لیڈر، وڈیرے، زمیندار کو اس پر اعتراض نہ تھا اور پھر اس پر آزادانہ کام شروع کردیا گیا کیونکہ تمام صوبوں کی رضامندی سے طے پایا تھا اور پھر 1985ء میں جب عمل درآمد کا فیصلہ ہونے لگا اس وقت جنرل ضیاء الحق کی حکومت کا دور تھا اس دور میں جنرل فضل الحق کی مخالفت کے باوجود پاکستان کے وزیراعظم محمد خان جونیجو نے کالا باغ پروجیکٹ پر کام جاری رکھا اور کسی کی پرواہ نہ کی اسی دوران جنرل فضل حق کے بیانات پر سندھ کے بڑے بڑے سیاستدان، وڈیرے بھی اس کی مخالفت میں بیان دینے لگے اور بڑھ چڑھ کر مخالفت پر اتر آئے، اگرچہ اس مخالفت کی وجہ یہ تھی کہ وہ زمینوں پر ناجائز قابض تھے اور دریائے سندھ کی زرخیز پٹی سے مفت فائدہ اٹھا رہے تھے ان کو ڈر تھا کہ اگر کالا باغ ڈیم بن گیا تو تمام زرعی اراضی کا پانی حکومت کے کنٹرول میں آجائے گا اور پھر ایک مربوط نہری نظام کے مطابق حساب ہی سے پانی ملے گا اس طرح جو مفت اور قبضے کی زمین پر موج کررہے تھے وہ سب کچھ ختم ہو جائے گا اور ان وڈیروں، سیاستدانوں نے اس ڈر سے اس کی بھرپور مخالفت کی۔
بے نظیر بھٹو کے دور حکومت میں اس پر پھر سندھ حکومت نے اعتراض کیا کالا باغ ڈیم کے حوالے سے پہلے یہ ضروری ہے کہ پانی کی تقسیم پر صوبوں کے درمیان ایک معاہدہ ہو تاکہ ہر صوبے کے تحفظات دور ہوں، اور پانی کی مساوی تقسیم ہو۔ جب نواز شریف وزیراعظم تھے تو 1991 میں چاروں صوبوں کے درمیان پھر کالا باغ ڈیم پر بات چیت شروع ہوگئی اور چاروں صوبوں کے وزراء اعلیٰ نے پانی کی تقسیم کے حوالے سے معاہدہ کیا جو 16 مارچ 1991ء کو ہوا کالا باغ ڈیم پر سب متفق ہوگئے۔
21 مارچ 1991 کو پانی کی تقسیم کے اس معاہدہ کو مشترکہ مفادات کونسل نے بھی باقاعدہ منظور کرلیا اور یہ طے پایا کہ دریا سندھ اور دیگر دریاؤں پر جتنے زیادہ سے زیادہ ڈیم اور واٹر سٹور تیج بنائیں جائیں۔ اس طرح سے پاکستان کے تمام صوبوں کے درمیان ایک محبت اور اعتماد کی فضاء پیدا ہوگی اور اسی دوران مشترکہ مفادات کونسل نے 8 ممبران کی کمیٹی تشکیل دی، ان میں سے 7 ممبران نے کالا باغ ڈیم کی حمایت کی۔ یہ اقدام پاکستان لئے بہت زیادہ اچھا ثابت ہوا۔
کالا باغ ڈیم کی منظوری کے بعد سرحد کے وزیراعلیٰ میر افضل خان بہت خوش نظر آرہے تھے کیونکہ سرحد کی 18 لاکھ ایکٹر اراضی آبپاشی کے ذریعہ کاشت ہونی تھی معاہدہ کی رو سے 9 لاکھ ایکڑ مزید اراضی سیراب ہوتی اے این پی کے قائد خان عبدالولی نے مکمل تعاون کا اظہار کیا وہ مطمئن دیکھائی دیئے تھے۔ یہ ایک ایسا وقت تھا کہ جب تمام صوبے بڑے مطمئن اور ایک دوسرے سے تعاون کرنے کو تیار ہوگئے اور اسی دوران سندھ کے وزیراعلیٰ جام صادق کا کہنا تھا کہ اس معاہدے کی بدولت 5.4 ملین ایکٹر فری پانی مزید ملے گا۔ اور ادھر صوبہ بلوچستان کے وزیراعلیٰ بہت زیادہ خوشی محسوس کررہے تھے کہ اور اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہم 6 لاکھ ایکٹر اراضی سیراب کررہے تھے لیکن اب 16 لاکھ ایکٹر اراضی سیراب ہوگی۔
اس وقت شمس الملک نے بھی ڈیم کی حمایت کی جو واپڈا کے چیئرمین اور وزیر اعلیٰ KPK رہ چکے ہیں اور کہا کہ میرے صوبے کیلئے یہ بہت ضروری ہے۔ یہ ایک مسئلہ کھڑا ہوگیا کہ بجلی پیدا کرنے والی ٹربائن اور تعمیرات صوبہ سرحد کے باہر ہوں گی۔ دوسرا مسئلہ یہ پیدا ہوگیا کہ ڈیم کے پانی سے صوابی، نوشہرہ اور مردان کے علاقے ڈوب جائیں گے کیونکہ یہ ڈیم 916 فٹ کے حساب سے تعمیر ہوگا۔ اس کے قریب ترین شہر نوشہرہ ایک ہزار فٹ کی بلندی پر ہے۔ یہ سارا پروپیگنڈہ یہاں کے سیاسی لیڈروں نے اپنے ذاتی مفادات اور عوام کو گمراہ کرنے کیلئے پھیلایا، صوبہ سندھ نے اس کی مخالفت میں انتہا کردی کہ صوبہ پنجاب اور صوبہ سرحد اس پانی کو استعمال کرے گا۔ اور صوبہ پنجاب اس پانی کو چوری بھی کرے گا، اس میں حقیقت کچھ نہیں تھی۔ حالانکہ اگر اس کی حقیقت کو دیکھا جائے تو دریا سندھ کا مسلسل تیز بہاؤ پانی سمندر میں گر کر ضائع ہوجاتا ایک ہفتہ کے اندر اندر مطلوبہ پانی ڈیم میں بھر جائے گا اور پھر اسی طرح سے دریا سندھ کا پانی بہنے لگے گا اس طرح سے دریا سندھ کا پانی ضائع نہیں ہوگا اور اس پانی کو بچایا جا سکتا ہے۔ اور دوسری طرف دیکھا جائے کہ صوبہ بلوچستان کا کالا باغ ڈیم سے کوئی تعلق نہیں واسطہ نہیں، یہاں کے سیاسی لیڈر اور سیاسی جماعتیں اپنے مفادات کی خاطر اس کی مخالفت کررہے ہیں۔
جب اس ڈیم کا سروے ہوا تھا تو دنیا کے ماہرین نے کالا باغ ڈیم بنانے سے قبل باقاعدہ سروے اور تحقیق کے بعد اپنی رائے دی اور پاکستان کے تمام صوبوں کیلئے موزوں قرار دیا اس میں ورلڈ بینک کی مطالعاتی ٹیم بھی شامل تھی اور دنیا کے دوسرے ماہرین بھی شامل تھے اور ان میں عالمی شہرت یافتہ ڈاکٹر ساوئج نے بھی اس کو موزوں قرار دیا۔
اس سے 3600 میگاواٹ بجلی پیدا ہوگی اور اس بجلی کی فی یونٹ کی لاگت 50.2 روپے ہوگی اور 180 ارب روپے کی سالانہ بچت ہوگی 1.6 ملین ایکٹر فٹ پانی ذخیرہ کرنے کی گنجائش ہوگی۔ سندھ کو 40 لاکھ ایکٹر کی فراہمی، بلوچستان کو 15 لاکھ ایکٹر کی فراہمی ہوگی اور آگے چل 3600 میگاواٹ کو بڑھا کر 4500 میگاواٹ تک اضافہ کیا جاسکتا ہے۔
اس سے صوبہ سندھ کو سب سے زیادہ فائدہ ہوگا اس کی بنجر زمین آباد ہوگی اس سے سیلاب کی بھی روک تھام ہوگی اور بار بار ہر سال اس اذیت سے ہماری قوم پر جو گزرتی ہے اس سے نجات مل جائے گی، اس سے ملکی پیداوار میں اضافہ ہوگا۔ اس سے تقریباً 4500 میگاواٹ تک بجلی پیدا ہوگی اس سے پاکستان میں لوڈشیڈنگ ختم ہوگی اور بجلی مزید سستی ہوجائے گی اصل میں ایسی کونسی بات ہے جو اس ڈیم کی تعمیر میں رکاوٹ بن رہی ہے اور اس کو پایا تکمیل تک نہیں پہنچنے (جاری ہے)

سہ روزہ ادبی کانفرنس اور صورت آشنائیاں



اکادمی ادبیات پاکستان کی تین روزہ بین الاقوامی ادبی کانفرنس اسلام آباد میں منعقد ہوئی، جس کئی ممالک کے اہل قلم سمیت پاکستان بھر سے بچوں کا ادب تخلیق کرنے والے ادیبوں نے شرکت کی، مذکورہ ادبی کانفرنس کی جہاں افادیت واہمیت مسلمہ ہے وہاں ہی اس کانفرنس کی ایک خوبصورتی یہ بھی رہی کہ کئی صورت آشنا ادیب، دانشور و مفکرین سے بالمشافہ ملاقاتیں، روبرو گفتگو، ملی جلی گپ شپ اور سلفیاں بنانے کا بہترین موقع بھی میسر رہے، متعدد نامور اہل قلم سے



شرف ملاقات حاصل ہوا، جبار مرزا، ابن آس، اختر عباس، فہیم عالم، سلیم مغل اور بہت سے خوبصورت احباب سے ملنے اُن سے باتیں کرکے دل نہال نہال ہوگیا انہی نہال نہال کرنے والوں میں تسلیم اکرام بھی پیش پیش رہیں لیجیے محترمہ کا مکمل تعارف کرائے دیتا ہوں۔

کسی بھی ملک کے افراد کی تہذیبی وتمدنی صورت حال، علمی وادبی کاوشیں، فنی خصوصیات اور سیاسی و سماجی کارناموں کی تاریخ خواتین کا تذکرہ کیے بغیر مکمل نہیں ہوسکتی اور یہ تذکرہ بھی برائے نام نہیں خواتین کی صلاحیتوں کے اعتراف کے ساتھ کیا جانا چاہیے۔ کسی بھی عہد کا ادب ہو یا زبان اس کی ترقی میں خواتین کی حصہ داری چاہے براہ راست ہو یا بالواسطہ ناگزیر ہے۔ جب بات ہو نسائی ادب کی تو ہمیں ذرا پیچھے مڑ کر دیکھنے کی ضرورت ہے کہ آیا خواتین کا تخلیقی ادب کب اور کس طرح وجود میں آیا اور اس کی ابتدائی شکل کیا تھی؟
اب جب کہ عالمی سطح پر اس فکر کو تقویت مل چکی ہے کہ "ادب" کی قدیم شکل "لوک ادب" ہے تب یہ ماننے میں کوئی مضائقہ نہیں کہ "نسائی ادب" کے ابتدائی خدوخال بھی لوک ادب میں صدیوں سے موجود تھے۔ لوک گیت، لوریاں،

اور کہانی قصے سننے اور سنانے والی سخت گیر مرد معاشرے کی پروردہ سہمی ہوئی عورت، توہمات اور فرسودہ رسوم وروایات میں جکڑی ہوئی عورت، جاہل اور کم عقل ہونے کے طعنے سن سن کر خود کو واقعی جاہل سمجھ لینے والی غیر تعلیم یافتہ عورت اس وقت تخلیقی اظہار کی متحمل تو ہو ہی نہیں سکتی تھی کہ تشخص کی بحالی ہی اس کا پہلا مسئلہ تھا۔ لہٰذا زبانی اظہار و بیان ہی اس کے کیتھارسس کا وسیلہ بنا۔ یہی اس کا فن تھا اور یہی داخلی اظہار کا طریقہ بھی۔ رفتہ رفتہ جب علم وتعلم کے دروازے عورتوں پر وا ہوئے اور ان کا رشتہ کاغذ قلم سے استوار ہوا، انہیں تخلیقی اظہار کا سلیقہ بھی آ گیا۔
خواتین کی اس ابتدائی دور کی تخلیقات میں گھر آنگن کے معاملات اور ذاتی دکھ سکھ کے ساتھ ہی ہندوستانی تہذیب وتمدن کے رنگ بھی دیکھے جا سکتے ہیں۔ یہ الگ بات کہ ان کی ایسی تخلیقات کو قابل اعتنا نہیں سمجھا گیا نیز سماجی نظریات اور صنفی امتیاز کی بنا پر مرد معاشرے میں نسائی ادب کی اہمیت سے بھی انکار کیا گیا۔ اس کے برعکس یہ حقیقت ہے کہ "نسائی ادب" کی صدیوں پر محیط ایک مکمل تاریخ ہے۔
تسلیم اکرام بھی نسائی ادب کا علم بلند کیے نئی تاریخ رقم کررہی ہیں۔ تسلیم اکرام نے شاعری کے علاوہ نثر نگاری میں بھی نام کمایا ہے۔ آج کی نشست میں تسلیم اکرام کی ادبی سرگرمیوں کا احاطہ کرنا ہے تسلیم اکرام 15 اکتوبر کو راولپنڈی میں پیدا ہوئیں انہوں نے 1998 میں راولپنڈی سے میٹرک کا امتحان پاس کیا 2002 میں مدرسہ البنات سے ترجمہ اور تفسیر کا کورس کیا 2009 میں علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی سے بیچلر آف ماس کمیونیکیشن کی ڈگری پاس کی 2012 میں بی ایڈ کی ڈگری علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد سے حاصل کی 2015 میں سرگودھا یونیورسٹی سے ایم اے اردو کی ڈگری حاصل کی ناردرن یونیورسٹی نوشہرہ سے ایم فل اردو سکالر ہیں اور مقالہ لکھ رہی ہیں۔ ماہر بیوٹیشن ہونے کے ساتھ ساتھ اچھی نعت خواں اور اچھی کمپیئر بھی ہیں درس وتدریس کے شعبے سے منسلک ہیں۔ 2016 میں انہیں بہترین ٹیچر کا ایوارڈ دیا گیا 2018 سے سوشل میڈیا پر ان کے کچھ اشعار سامنے آئے مگر 2019 میں بھائی کی وفات کے بعد اپنے بھائی ریاض کے لیے ایک نظم "آخری سفر" لکھ کر اپنی شاعری کا باقاعدہ آغاز کیا اور پھر بہت ہی کم عرصہ میں ادبی منظرنامے پر اپنی جگہ بنالی منفرد اسلوب اور جدید لہجے میں اپنے اشعار کہتی ہیں تسلیم اکرام ابھرتی ہوئی شاعرہ ہیں مشن نفاذ اردو سے خاصہ لگا ہے طنزومزاح سے بھرپور شاعری میں زمانے کی قباحتوں کو اور بدلتے انسانی رویوں کو ہدف تنقید بنایا ہے آج کہ اس دور میں جبکہ صنف نازک کی طرف سے طنزومزاح کی طرف بہت کم توجہ دی جارہی ہے اور زیادہ تر بلکہ بیشتر شاعرات صرف سنجیدہ شاعری کرتی نظر آتی ہیں تسلیم اکرام شاعری کو طنزومزاح کا تڑکہ لگا کر معاشرے کی ناہمواریوں کو اجاگر کررہی ہیں آج کا دور سوشل میڈیا کا دور ہے لوگ فیس بک واٹس ایپ اور انٹرنیٹ پر ادبی فن پارے پڑھتے ہیں اور ان کا اثر قبول کرتے ہیں ایسے ماحول میں اپنی محنت سے تسلیم اکرام نے ادبی حلقے میں اپنا نام اور مقام بنایا ہے تسلیم اکرام کی شاعری مزاح میں معاشرے کی حقیقت اور اس کا اصل چہرہ قوم کو دیکھاتی ہے۔ 2019 میں اکادمی ادبیات پاکستان کراچی میں پہلا مشاعرہ پڑھا جس میں مہمان اعزاز شرکت کی دوسرا مشاعرہ 2020 کاسموپولیٹن کلب باغ جناح میں "ایک شام تسلیم اکرام کے نام" ایک شام ان کے اعزاز میں تقریب رکھی گئی جس میں پاکستان کی نامور شخصیات نے شرکت کی۔ ادبی تنظیم ذوق میں بھی مہمان اعزاز کے طور پر شرکت کرچکی ہیں۔ 2021 میں ادبی تنظیم "بزم تسلیم" بنائی جس کی وہ صدر ہیں اسلام آباد اور لاہور میں مشاعرے منعقد کرواچکی ہیں۔

یوکرائن کا غیر مشروط سرنڈر زیادہ دور نہیں

لیفٹیننٹ کرنل (ر) غلام جیلانی خان

میں نے کئی بار اپنے آپ سے سوال کیا ہے کہ اگر یوکرائن کے پاس کوئی 7.5 جوہری بم ہی ہوتے تو کیا روس اس پر حملہ کرسکتا تھا؟ ہر بار میرے شعور نے اس کا جواب نفی میں دیا ہے۔
1991ء میں جب سوویٹ یونین نے اپنی 15 ریاستوں کو آزاد کردیا تھا تو اس سے کچھ عرصہ پہلے سوویٹ یونین نے اپنے وہ تمام جوہری بم واپس لے لئے تھے جو یوکرائن کی کسٹڈی میں رکھے ہوئے تھے۔
جوہری ہتھیاروں (بموں) کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ ان کا محض ہونا ہی کافی نہیں بلکہ ان کو کسی دوست دشمن کے خلاف استعمال کرنے کی اہلیت کا ہونا بھی ضروری ہوتا ہے۔ یوں تو امریکہ نے بھی اپنے کئی حلیفوں کے اسلحی گودام گھروں میں نیوکلیئر وار ہیڈز رکھے ہوئے ہیں۔ ان حلیف ممالک میں ترکی، جرمنی اور جاپان پیش پیش ہیں۔ لیکن ان کی موجودگی اس وقت تک بے فائدہ ہے جب تک ان کو پرائم کرنے اور کسی حریف پر پھینکنے کی ٹیکنالوجی میزبان ملک کے پاس نہ ہو۔ کوئی جوہری بم خود بخود نہیں چل سکتا۔ اس کا حامل ہونا اس وقت تک بے معنی ہوگا جب تک اس کو چلانے کے فن سے میزبان ملک کو شناسائی نہ ہو۔
میں اگلے روز کسی جگہ یہ خبر پڑھ رہا تھا کہ 24 فروری (2022ء) کو جب روس نے یوکرائن پر حملہ کیا تھا تو اس کی (یوکرائن کی) ساری کابینہ ہاتھ ملتی رہ گئی۔ تقریباً سارے ہی وزیروں مشیروں نے یک زبان ہوکر صدر زیلنسکی (Zelnesky) کو بتایا کہ اگر 1990-91ء میں ہم یہ بم، روس کو واپس نہ کرتے تو آج صدر پوٹن کیف پر حملہ کرنے کی جرات نہ کرتا! لیکن آج سے 31 برس پہلے (1991ء تا 2022ء) کسی یوکرائنی کو یہ خبر نہ تھی کہ سٹوروں میں رکھے یہ وار ہیڈز، یوکرائنی باشندوں کی زندگی اور موت کا سوال بن جائیں گے۔
لیکن سب قارئین جانتے ہیں کہ حملے سے پہلے پوٹن نے سارے مغربی یورپ اور امریکہ کو خبردار کردیا تھا کہ اگر کسی ناٹو ملک نے یوکرائن کی زمینی یا فضائی سرحد پار کی تو اس کا مطلب دنیا میں تیسری جنگ کا آغاز ہوگا...... آج پوٹن کی اس دھمکی کو 8 ماہ سے زیادہ عرصہ گزر چکا ہے اور ناٹو افواج نے وہ سب کام کرلئے ہیں جو یوکرائن کی مدد کرنے کے لئے وہ کرسکتے تھے لیکن معاملہ ابھی تک وہیں ہے جہاں 24 فروری کو تھا! بظاہر یہ جنگ روس اور یوکرائن کے درمیان نہیں بلکہ روس اور ناٹو فورسز کے درمیان ہورہی ہے۔ ناٹو کے کسی ایک سپاہی نے بھی اب تک یوکرائن کی گوفضائی یا زمینی سرحد پار نہیں کی لیکن اپنے ہاں دوسری عالمی جنگ کے بعد ایجاد ہونے والے جدید ترین روائتی (Conventional) ہتھیاروں پر یوکرائنی فوجیوں کو ٹریننگ دے کر روس پر دباؤ بڑھا رہے ہیں لیکن روس کے دفاعی حصار میں یہ جدید ہتھیار کوئی بڑا ڈینٹ (Dent) نہیں ڈال سکے!...... ماہرین کے نزدیک 8 ماہ سے زائد کا یہ عرصہ "جوہری ڈیٹرنس" کا منہ بولتا ثبوت ہے...... ہاں اگر آج یوکرائن کے گوداموں میں رشین جوہری بم پڑے ہوتے تو ان کو فائر کرنے کی تربیت دینے میں ناٹو ممالک (امریکہ اور برطانیہ بالخصوص) 8 ماہ تو کیا 8 دن کا انتظار بھی نہ کرتے...... جوہری بم کا جواب جوہری بم ہے۔ کسی بھی ملک میں اس بم کا ہونا اسے کسی بھی امکانی شکست سے بے نیاز کردیتا ہے!...... کہا جاسکتا ہے کہ پاکستان اگر آج تک بچا ہوا ہے تو یہ اسی جوہری ڈیٹرنس ہی کی "عطا" ہے!
روس اور یوکرائن کی اس جنگ نے یوکرائن کو اب شکستِ فاش کے دہانے پر پہنچا دیا ہے۔ میں نے ایک سے زیادہ مرتبہ اپنے کالموں میں یہ استدلال کیا ہے کہ روس اگر چاہے تو یوکرائن کو زیادہ سے زیادہ 12 گھنٹوں میں گھٹنے ٹیکنے پر مجبور کرسکتا ہے لیکن اس کے باوجود کہ اس نے اب تک اپنے سینکڑوں فوجی افسروں اور لشکریوں کو اس جنگ میں مروایا ہے، سینکڑوں ٹینکوں کو ناکارہ کروایا اور سینکڑوں توپوں وغیرہ کو برباد کروایا ہے لیکن پھر بھی "آل آؤٹ وار" سے گریز کیا ہے۔ یہ روس کی وہ عسکری سٹریٹجی ہے جس کو دنیا بھر کے عسکری حلقے بڑے انہماک سے دیکھ اور پڑھ رہے ہیں۔
آج تک کسی بھی جنگ میں کسی متحارب فریق نے سائیدگی (Attrition) کا اتنا بڑا مظاہرہ کرنے کا رسک نہیں لیا۔ آنے والی کسی بھی جنگ میں غیر جوہری جنگ کے ماحول میں یہ "اٹریشن" ایک بڑا جنگی اصول بن کر سامنے آئی ہے۔
امریکہ اور ناٹو افواج سینکڑوں ارب ڈالروں کا اسلحہ اور گولہ بارود اس جنگ میں جھونک چکی ہیں لیکن گوہر مراد ہاتھ نہیں آیا...... ایک طرف روس ویسے کا ویسا قائم ودائم ہے اور دوسری طرف یوکرائن کسی بھی وقت سرنڈر کرسکتا ہے۔ جیسا کہ میں نے سطور بالا میں عرض کیا اس جنگ کی طوالت ایک طرف یوکرائن کو نچوڑ رہی ہے اور دوسری طرف روس کے عسکری غبارے میں زیادہ ہوا بھر کر اسے پھلا رہی ہے۔
روس نے یوکرائن کی ایک ایسی دکھتی رگ پر بھی ہاتھ رکھ دیا ہے جو آنے والے دنوں میں یوکرائن کو مفلوج اور معذور کردے گی۔ یہ دکھتی رگ یوکرائن کا پاور سٹرکچر یعنی بجلی کا نظام ہے جو آہستہ آہستہ دم توڑ رہا ہے۔
کہا جاتا ہے کہ روس کے عسکری مفکرین نے صدر پوٹن کو مشورہ دیا تھا کہ اگر یوکرائن کا صرف بجلی کا نظام ہی درہم برہم کردیا جائے تو اس کو امریکہ یا یورپی ممالک مل کر بھی کماحقہ بحال نہیں کرسکتے۔ چنانچہ روس کے میزائل اور ڈرون حملے گزشتہ دو تین ماہ سے یوکرائنی پاور گرڈ سسٹم کو بطور خاص نشانہ بنارہے ہیں اور اب تک یوکرائن کا 40 فیصد پاور سٹرکچر تباہ کیا جاچکا ہے۔ ان حملوں کا بڑا ہدف کیف (Kyiv) کا شہر ہے جو یوکرائن کا دارالحکومت ہے۔ اس کا جواب یوکرائنی حکام نے اب یہ ڈھونڈا ہے کہ سارے شہر کا مکمل شبانہ بلیک آؤٹ کردیا جائے۔ رات کو لوگ گھروں میں مٹی کا تیل استعمال کرکے میٹل لیمپ جلائیں اور سارا کام کاج انہی لیمپوں کی روشنی میں کریں اور دوسرے شہر سے باہر ایک وسیع وعریض "خیمہ بستی" تعمیر کردی جائے۔ اس میں ایک ہزار ایسے تہہ خانے بنائے جائیں جن کو مٹی کے تیل کے چولہوں سے گرم کیا جائے تاکہ آنے والے سرد موسم سے بچا جاسکے، ان 1000 گرم تہہ خانوں میں کیف کی 30 لاکھ آبادی کو منتقل کردیا جائے اور وہ سارا موسم سرما انہی گھروں میں گزاریں!
بظاہر یہ سٹریٹجی ناقابل عمل معلوم ہوتی ہے۔ 30 لاکھ کی آبادی کا انتقال اور اس کے روزمرہ کے کاروبار میں کوئی نظم وضبط پیدا کرنا، سکولوں، ہسپتالوں اور روزمرہ کی اشیائے صرف کی فراہمی، پینے کے پانی کا بندوبست، سیوریج سسٹم کی تعمیر اور اس طرح کے سینکڑوں دوسرے سسٹم بھی ہیں جن کا جلد مکمل کیا جانا محالات میں شمار کیا جاسکتا ہے۔
لیکن یوکرائنی حکام کا کہنا ہے کہ کیف میں جو 50 فیصد گرڈ سسٹم ابھی تک چل رہے ہیں اور ان کو روسی ڈرونوں اور مزائلوں نے اب تک کوئی گزند نہیں پہنچائی تو وہ بجلی اس "خیمہ بستی" میں منتقل کی جاسکتی ہے۔ ان یوکرائنی ماہرین کا کہنا یہ بھی ہے کہ اگر روسیوں نے کیف اور دوسرے بڑے بڑے شہروں پر میزائلی/ڈرون حملے جاری رکھے تو پورے ملک کی بجلی کا ترسیلی نظام چوپٹ ہوکر رہ جائے گا!...... اور یہ عنصر یوکرائنی سرنڈر میں ایک بڑا کردار ادا کرے گا۔ اس سسٹم پر امریکی اور یورپی ماہرین کوئی حتمی رائے دینے سے گریز کررہے ہیں۔ ایک آپشن یہ زیر بحث لائی جارہی ہے کہ روس اور یوکرائن کو مذاکرات کی میز پر اکٹھا کیا جائے۔ لیکن کیا روس ان مذاکرات میں شریک ہوگا؟...... یہ ایک بڑا سوال ہے...... اگر موجودہ جنگی حالات اسی طرح چلتے رہے تو امریکہ اور یورپ خواہ چاہیں یا نہ چاہیں، یوکرائن کو غیر مشروط سرنڈر کے لئے زیادہ وقت نہیں لگے گا!

نظام ڈی ریل ہونے کو ہے؟

مصطفی کمال پاشا

عمران خان پر قاتلانہ حملہ کے بعد پی ٹی آئی ایک نئے جذبے اور نئے بیانیے کے ساتھ ملک میں دنگا فساد مچانے میں مصروف ہوگئی ہے قاتلانہ حملے کے موقع پر مسلح گولی چلانے والا گرفتار بھی ہوچکا ہے جس نے عمران خان کو قتل کرنے کا اظہار بھی کردیا اور انہیں قتل کرنے کی وجوہات بھی بیان کر دیں، اعترافی بیان ریکارڈ ہو اور پھر قومی الیکٹرانک میڈیا پر نشر بھی کرا دیا گیا، حیران کن بات یہ ہے کہ اعترافی بیان مکرر نشر کرایا گیا حالانکہ قتل یا اقدام قتل کے ملزم کا اعترافی بیان عدالت پیشی تک پولیس حفاظتی تحویل میں رکھتی ہے لیکن اس ہائی پروفائل کیس میں ایسا نہیں کیا گیا؟ قاتل کو رنگے ہاتھوں پی ٹی آئی کے ایک ٹائیگر نے قابو کیا اور پھر پنجاب پولیس کے حوالے کیا۔ وزیر آباد ہمارے وزیراعلیٰ پنجاب چودھری پرویز الٰہی کا حلقہ اثر ہے وہی یہاں عمران خان کے لانگ مارچ کے میزبان بھی تھے۔ پنجاب کی پولیس، تمام صوبائی انٹیلی جنس ایجنسیاں صوبائی حکومت کے ماتحت ہیں چودھری صاحب عمران خان کے پرجوش حلیف اور ان کے بیٹے مونس الٰہی عمران خان کے ذاتی طور پر بھی چاہنے والے دیوانے ہیں، اور وہ لانگ مارچ کا تاریخی استقبال کرنے کا اعلان بھی کرچکے تھے ایسے میں عمران خان پر حملے نے قومی سطح پر ہلچل مچادی، شور وغوغا مچا پھر جب عمران خان صاحب کو قریبی ہسپتال لے جانے کی بجائے میلوں دور لاہور میں واقع شوکت خانم لے جایا گیا تو دیکھنے وسننے والوں کے ماتھوں پر بل پڑنے شروع ہوگئے پھر جب قاتل کا اعترافی بیان ڈیجیٹل میڈیا پر نشر ہوا تو "اقدام قتل" پر شکوک وشبہات کے بادل چھانے لگے۔ مکرر اشاعت نے شکوک وشبہات کو اور بھی تقویت دی پھر جب عمران خان نے شہباز شریف، رانا ثناء اللہ اور حاضر سروس فوجی افسر کو نامزد کرکے ایف آئی آر درج کرانے کا اعلان کیا تو "سازش کی بلی" تھیلے سے باہر نکل آئی اس وقت سے ہنوز عمران خان اپنا بیانیہ تشکیل دے کر ملک کو فتنہ وفساد میں دھکیلنے میں مصروف ہیں، قتل کے واقعات کے بارے میں ماہرین سازش پر متفق ہوتے نظر آرہے ہیں اور سازشی کوئی اور نہیں بلکہ خود عمران خان نظر آنے لگے ہیں۔ 25 مئی کے لانگ مارچ/دھرنے کی ناکامی کے بعد عمران خان ایک نئے جذبے اور جرائیت کے ساتھ تاریخی لانگ مارچ کی تیاری میں لگ گیا انہوں نے لگاتار جلسے کیے اور لاجواب تقریریں کیں ویسے تو ان کی تقاریر میں کوئی نئی بات نہیں تھی لیکن انہوں نے اپنی تقاریر کے ذریعے حکومتی اکابرین اور فوج کے سالار اور دیگر عمائدین کے خلاف خوب زہر اگلا۔ نفرت اور دشمنی کی مسموم فضا تیار کرنے کی کوشش کی پھر جب ان کی طویل تیاری کی عملی شکل لانگ مارچ کا وقت آیا تو ہم نے دیکھا کہ عوام کا سمندر یا دریا تو دور کی بات ہے نہریں اور ندیاں بھی شکل سے ہی نظر آئیں۔ لبرٹی چوک اور پھر داتا دربار چوک میں لانگ مارچ کی ابتداء بڑی مایوس کن تھی۔ وزیر آباد تک یہ مایوسی بڑھتی چلی گئی۔ مخالفین وماہرین کا کہنا ہے کہ مایوس کن صورت حال سے نکلنے کے لئے عمران خان نے قاتلانہ حملے کی منصوبہ سازی کی تاکہ نفرت اور دشمنی کے جذبات کو ہوا دے کر انتقام کی آگ بھڑکائی جاسکے لیکن قاتلانہ حملے کے بعد ایسی فضا دیکھنے میں نہیں آئی۔ عمران خان کے منصوبے کے مطابق پنجاب حکومت نے ایف آئی آر درج کرنے سے انکار کردیا گزرے چند دنوں کے دوران عمران خان کا سازشی منصوبہ سامنے آنے لگا ہے اور لوگوں کو خاصی حد تک یقین ہوچکا ہے کہ قاتلانہ حملہ اصلی نہیں تھا کیونکہ اگر اصلی ہوتا تو عمران خان رخصت ہوچکے ہوتے، اب مزید مایوسی کے تحت پی ٹی آئی کے کارکنان کو دنگا فساد اور نقص امن پیدا کرنے پر لگادیا گیا ہے کیونکہ اس کام کے لیے زیادہ افرادی قوت درکار نہیں ہوتی اور تشدد کے ذریعے مطلوبہ نتائج جلد حاصل کیے جانے کی امید ہے۔
عمران خان سیاسی جنگ مکمل طور پر ہار چکے ہیں 10 اپریل کو اسمبلی میں انہیں ووٹ کی طاقت کے ذریعے شکست فاش ہوچکی ہے، 26 مئی کو ان کی سٹریٹ پاور اور دھمکی و دھونس کا بیانیہ بھی پٹ چکا ہے۔ فوری انتخابات کا مطالبہ اپنی موت آپ مر چکا ہے ان کی لانگ مارچ کی تیاریاں، عملی میدان میں رنگ لانے اور جمانے میں قطعاً ناکام ہوچکی ہیں۔ قاتلانہ حملے کا ڈرامہ بھی فلاپ ہوتا نظر آ رہا ہے۔ عمران خان کسی طور بھی حکومت کو ڈرانے اور جھکانے میں کامیاب نہیں ہوسکے ہیں اس لیے اب وہ راست ایکشن یعنی توڑ پھوڑ اور دنگے فساد کے ذریعے حکومت کو ناکام بنانے اور تیسری قوت کو میدان میں لانے کی آخری کوشش کررہے ہیں۔ دیکھتے ہیں کہ ان کی اس نئی سازش کا نتیجہ کیا ہوتا ہے۔
دوسری طرف اتحادی حکومت کی مصالحانہ پالیسی، بزدلی اور ناکامی کا تاثر دینے لگی ہے حکومت ابھی تک عمران خان کی احتجاجی سیاست کے آگے بے بس ہی نہیں بلکہ بڑی حد تک ناکام نظر آرہی ہے حد یہ ہے کہ مسلح افواج کے خلاف عمران خان کے نفرت انگیز بیانیے کا رد کرنے کے لیے ڈی جی آئی ایس آئی کو خود میدان میں آنا پڑا۔ یہ حکومت کی نااہلی اور ناتوانی کا نتیجہ ہے کہ فوج اپنا دفاع کرنے کے لیے اس حد تک آ جائے یہ حکومت وقت کی ذمہ داری ہے کہ آئین کے مطابق ادارے کا تحفظ کیا جائے اور آئین وقانون شکنی کرنے والوں کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر اس حوالے سے حکومت سے کارروائی کرنے کا کہہ بھی چکے ہیں لیکن ابھی تک حکومت کی طرف سے کوئی ٹھوس اقدام دیکھنے میں نہیں آیا ہے جبکہ عمران خان کی جولانیاں اور پی ٹی آئی کی نافرمانیاں بڑھتی ہی چلی جارہی ہیں، عمران خان بغاوت کو ہوا دے رہے ہیں وہ ایک سیاست دان کے طور پر نہیں بلکہ ایک جارح اور ریاست کے باغی کے طور پر ہر آئینی اور قانونی ریڈ لائن کو کراس کرتے چلے جارہے ہیں۔ ان کی زبان، ان کے ہاتھ اور ان کے پاؤں ہر آئینی اور قانونی سرخ لائن کو تہس نہس کرتے جارہے ہیں جبکہ حکومت اپنے آئینی وقانونی فرائض ادا کرنے میں مکمل طور پر ناکام نظر آرہی ہے۔ ایسا لگ رہا ہے کہ عمران خان اپنے شیطانی اور فسادی ایجنڈے پر بڑی حکمت وتدبر کے ساتھ کامیابی کی منازل طے کرتے چلے جارہے ہیں حتیٰ کہ اگر وہ نہیں تو کوئی بھی نہیں اور ابھی نہیں تو کبھی نہیں کے مصداق نظام ڈی ریل ہوتا نظر آرہا ہے۔ اگر ایسا ہوا تو موجودہ حکمران بھی اس گناہ کبیرہ میں عمران خان کے ساتھ برابر کے شریک تصور کیے جائیں گے۔

آزادیِ انتشار

ناصر چودھری

آزادی اظہار کی اجازت تو ہونی چاہیے لیکن آزادی انتشار کی نہیں۔ اس بات کی بھی قطعی طور پر نہیں کہ بلا ثبوت اہم ترین عہدوں پر فائز لوگوں کے نام چوکوں میں غلط بیانی سے بول بول کر بدنام کیے جائیں تاکہ ملک میں انتشار پھیلے۔ کیا قائداعظم نے یہ ملک اس لئے بنایا تھا کہ اسے کسی شخص کی ذاتی انا کی بھینٹ چڑھا دیا جائے۔ عمران خان نے اپریل میں حکومت کے خاتمہ کے بعد سے ہی ملک میں انتشار برپا کیا ہوا ہے۔ ان کی حکومت ایک جمہوری عمل کے نتیجہ میں ختم ہوئی تھی لیکن کتنی ستم ظریفی ہے کہ اس کے بعد سے ان کا طرز عمل سراسر غیر جمہوری ہے۔ عمران خان کسی بھی قیمت پر دوبارہ اقتدار حاصل کرنا چاہتے ہیں، چاہے ملک کے حالات کتنے ہی خراب کیوں نہ ہو جائیں، خون خرابہ ہو یا تصادم، اس سے انہیں کوئی غرض نہیں۔ انہیں اس بات کی قطعاً کوئی پرواہ نہیں کہ ملک میں جتھوں کا راج ہوتا ہے تو ہوتا رہے۔ یہ تو ایک بنیادی سوال ہے کہ شہروں اور شاہراہوں پر کنٹرول، قانون نافذ کرنے والے اداروں کا ہونا چاہئے یا جتھوں کا۔ کسی بھی ملک میں آزادی اظہار اس طرح نہیں دی جاتی کہ وہ آزادی انتشار بن جائے اور ملک انارکی کی بھینٹ چڑھ جائے۔ عمران خان پر مبینہ فائرنگ کے بعد سے حالات کا پہیہ اتنی تیزی سے گھومنا شروع ہوگیا ہے اور ملک ایک ایسے ڈمپر ٹرک کی طرح ہوگیا ہے جس کے بریک فیل ہو گئے ہوں اور وہ تیزی سے ڈھلوان پر لڑھکنا شروع ہوگیا ہو۔ لانگ مارچ کا ڈرامہ دوبارہ سے شروع کرنے کا اعلان ہوچکا ہے۔ پی ٹی آئی آج کل احتجاج کے نام پر ملک کا امن و امان تباہ کررہی ہے۔ دنیا کے کسی بھی ملک کی طرح آئین پرامن احتجاج کا حق تو دیتا ہے لیکن شہر بند کرکے پرامن شہریوں کو یرغمال بنانے کا حق ہرگز نہیں دیتا۔ یہ مافیا کا طریقہ تو ہوسکتا ہے لیکن کسی سیاسی جماعت کا آئینی حق ہرگز نہیں ہوسکتا۔ پی ٹی آئی کے ایکٹوسٹ یا ان کی صفوں میں موجود شرپسند عناصر کسی اہم چوک کو ٹرک یا ٹریکٹر ٹرالی کھڑا کرکے بند کردیتے ہیں اور وہاں سے کسی کو نہیں گزرنے دیتے، یہاں تک کہ ایمبولینس یا سکولوں میں پھنسے ہوئے بچوں کو بھی نہیں۔ انتہائی اہم بات یہ ہے کہ اگر کوئی سیریس مریض ایمبولینس میں جاں بحق ہوجائے کیونکہ اسے ہسپتال جانے کا راستہ نہیں ملا تھا تو سو فیصد یہ قتل ہے، اس مریض کا قتل بھی ہے اور انسانیت کا قتل بھی ہے۔ آج کل پنجاب میں یہی صورت حال ہے جہاں پی ٹی آئی کی حکومت ہے۔ امن وامان کی ذمہ داری بنیادی طور پر صوبائی حکومتوں کی ہوتی ہے اور وفاق اس کی مدد کرتا ہے لیکن جتھوں یا بلیک میلنگ کی سیاست نہیں ہونے دیتا۔ اگر جتھوں یا بلیک میلنگ کے زور پر حکومتیں گرنے لگیں تو آئندہ بھی کوئی حکومت نہیں رہ سکے گی۔ اسی طرح اگر آئندہ آرمی چیف بھی مسلح جتھے فیض آباد بند کروا کے ہوایا کریں گے تو اس کا انجام انارکی کے سوا کیا ہوگا؟ آئندہ تحریک لبیک یا تحریک طالبان اس سے بھی زیادہ موثر طریقہ سے راولپنڈی اور اسلام آباد بند کرکے اپنی مرضی کرسکتے ہیں۔ اس لئے اس فتنہ کو یہیں کچل دینا ضروری ہے۔ کسی بھی مہذب معاشرہ میں مسلح جتھوں کی اجازت نہیں دی جا سکتی جہاں ایمبولینس ہسپتال نہ پہنچ سکے اور مریض سڑک پر ایڑیاں رگڑ رگڑ کر جاں بحق ہو جائیں، سکولوں کے بچے گھر واپس نہ آسکیں، دفاتر کے ملازمین اپنے اپنے دفاتر میں نہ پہنچ سکیں، روزانہ اجرت پر گزر بسر کرنے والے محنت کش، مزدور، ریڑھی اور چھابڑی والے، کھوکھوں اور ڈھابوں والے، پھیری لگانے والے دیہاڑی نہ لگا سکیں اور گھر میں چولہا نہ جلنے کی وجہ سے ان کے بچے بھوکے سوئیں، ٹرانسپورٹر، رکشہ، ٹیکسی، اوبر اور کریم وغیرہ، پارٹ ٹائم چلا کر اپنے تعلیمی اخراجات پورے کرنے والے بھی پریشان ہوں کہ ہم آج شام کو کیا گھر لے کر جائیں گے، تعلیمی اداروں کی بندش اور امتحانات کے ملتوی ہونے سے طلبا کا قیمتی تعلیمی سال ضائع ہو جائے، فیکٹریاں بند ہو جائیں، ملکی معیشت اس بندش کا جھٹکا برداشت کرنے کے قابل نہ ہو اور برآمدات انتہائی کم سطح پر آجانے سے زرمبادلہ کے ذخائر خطرناک حد تک نیچے گر جائیں اور ملک ڈیفالٹ کی طرف چلا جائے۔ یہ آزادی انتشار ملک اور اس کے بائیس کروڑ عوام کی اینٹ سے اینٹ بجا دے گی اور خاکم بدہن ملک کا وجود ہی خطرہ میں پڑ جائے گا۔
پاکستان کی موجودہ صورت حال یہ ہے کہ انتشار اس حد تک بڑھ چکا ہے (جاری ہے)

پبلشر ڈاکٹر سلیم صادق نے شال پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
ایڈیٹر: ڈاکٹر خرم شہزاد و سب ایڈیٹر نجم بلوچ، فون نمبر 081-2470990 فیکس 081-2470991 بیورو چیف گوادر: عبدالغفور بلوچ، پتہ: ملت نیوز ایجنسی گوادر۔ موبائل نمبر: 0332-2364234۔ میاں جزاک اللہ رزیڈنٹ ایڈیٹر اسلام آباد۔ آفس نمبر 5 فرسٹ فلور علی پلازہ فضل الحق روڈ بلیو ایریا اسلام آباد۔ موبائل 0300-9847010۔ فون نمبر 051-8311430 فیکس نمبر 051-8311450۔ ای میل isb33@yahoo.com

شال بقیہ 1
آزادی مارچ میں شریک ہو، قوم کے پاس بھی بھی موقع آتا ہے وہ اپنی تقدیر بدل سکے، قوم میں شعور آ گیا ہے، یہ جاگی ہوئی قوم ہے، میرا ایمان ہے میرے اللہ نے اس مشن کو پورا کرانا ہے، ہم نے مافیاز کا مقابلہ کرنا ہے۔ اپنی رہائشگاہ زمان پارک سے حقیقی آزادی مارچ کے شرکا، سے ویڈیو لنک کے ذریعے خطاب کرتے ہوئے عمران خان نے کہا کہ پاکستان کا وزیر اعظم برطانیہ جاتا ہے اور لندن میں پاکستان سے چوری کئے ہوئے پیسے سے خریدے گئے گھر کے اندر سزا یافتہ مفرور سے ملتا ہے جو جھوٹ بول کر ملک سے بھاگا تھا کہ وہ علاج کرانے جا رہا ہے، یہی نواز شریف مشرف کے دور میں جھوٹ بول کر گیا تھا میں نے کوئی معاہدہ نہیں کیا، این آر او لے کر ملک واپس آیا اور آٹھ سال بعد شہزادے نے معاہدے دکھایا۔ انہوں نے کہا کہ خود شہباز شریف پر ایف آئی اے کے کیس میں فرد جرم عائد ہونے جارہی تھی تاہم سازش کے تحت اسے اوپر بٹھایا گیا، دو ماہ میں گواہ مر گئے اور پتہ نہیں چلا کیسے دل کا دورہ پڑا اور ایف آئی کا تحقیقاتی افسر بھی مر گیا۔ ایمنسٹی کی رپورٹ کے مطابق 90 کی دہائی میں شہباز شریف نے ماورائے عدالت لوگ مارے، شہباز شریف اور رانا ثناء اللہ نے ماڈل ٹاؤن میں پولیس کے ذریعے لوگوں کو قتل کرایا، یہ چور لندن میں پاکستان کی سب سے اہم اہم پوزیشن آرمی چیف کا فیصلہ کرنے جارہے ہیں، ملک کی تقدیر کے فیصلے کرنے جارہے ہیں کہ انتخابات کب ہوں گے، نگران حکومت کتنی دیر کیلئے ہوگی، جو تیس سال سے چوری کرکے پیسہ باہر لے کر جارہا ہے وہ فیصلہ کریگا، سولائزڈ ملک میں ایسا تصور بھی نہیں ہے کیونکہ وہاں پر سب سے پہلے قانون کی حکمرانی ہے، برطانیہ میں قانون کی حکمرانی ہے، وہاں کوئی پکڑا جائے اسے سزا مل جاتی ہے تو اسے این آر او نہیں ملتا۔

شال بقیہ 2
ہیں، انہیں یہ بھی معلوم تھا کہ دوسری طرف کون بیٹھا ہے، اسے کیسے بچانا ہے اور ٹارگٹ کو حاصل کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں طرح کے شواہد موجود ہیں کہ پاکستان سے کن لوگوں نے ارشد شریف کو باہر جانے پر مجبور کیا، کچھ لوگوں نے انہیں بلا کر کہا تھا کہ ملک سے چلے جاؤ، کچھ لوگ کہتے ہیں کہ یہاں پر حالات ایسے تھے کہ انہیں جانا پڑا۔ وزیر داخلہ رانا ثناء اللہ نے کہا کہ ارشد شریف ملک سے جانا نہیں چاہتے تھے، انہیں ڈرانے کے لیے ایک فرمائشی تھریٹ الرٹ جاری کیا گیا کہ آپ کی جان کو بہت خطرہ ہے، ارشد شریف پھر جانے پر مجبور ہوئے یا رضامند ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ یہ تمام چیزیں بھی ریکارڈ پر موجود ہیں کہ کس طرح سے ارشد شریف کو پشاور سے جہاز میں بٹھایا گیا، کن لوگوں نے فرمائشی تھریٹ الرٹ جاری کرایا، کن لوگوں نے انہیں ایئر پورٹ تک پہنچایا، کن لوگوں نے ارشد شریف کو دبئی پہنچایا۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ دبئی سے جس آدمی کی مداخلت یا مدد سے ارشد شریف کو ویزہ آن لائن ارینج ہوا وہ وقار ہے، وقار ارشد شریف کو پہلے سے نہیں جانتا تھا، وقار نے کس کے کہنے پر یہ کام کیا، ارشد شریف کیوں وقار کے گھر جا کر مہمان ٹھہرے، یہ ساری چیزیں ریکارڈ پر آچکی ہیں، وقار کو ابھی تک نامزد اس لیے نہیں کر رہے کہ کمیشن نے ان چیزوں کو جا کر تفصیل سے دیکھنا ہے۔

شال بقیہ 3
محنت اور مثبت تعلیمی سرگرمیوں اور اقتدار سے ترقی پاتے ہیں سماجی شعور کو اجاگر کرنے کے لئے شعوری و فکری سیاسی و قومی پارٹی کے بغیر ممکن نہیں۔ نیشنل پارٹی قومی وسائل، وسائل و اختیارات کی منصفانہ تقسیم اور قومی کی برابری کے لئے جدو جہد کر رہی ہے، بلوچستان کے عوام کا پارٹی پر اعتماد اس بات کی غمازی ہے کہ سیاسی حکمت عملی درست سمت میں متعین کی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ نیشنل پارٹی بلوچستان کی قومی جماعت بن چکی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ریجنل سیکریٹریٹ مکران میں کلانچ اور زامران سے پارٹی میں شمولیت کرنے والے ساتھیوں سے گفتگو میں کیا۔ کلانچ تربت کے معروف سیاسی شخصیات واجہ فضل رند، جمیل فضل رند، نوید رند، شعیب رند، غلام قادر، مسلم، رستم محمد خان، عزیز اللہ دوشے، معراج ابراہیم، اکرم ولد حاجی اسلم، سیا ولد کریم بخش جبکہ زامران سے محمد ایاز، عبدالمصدق، عبدالرزاق، نوید، منصور، شاہی اور محمد نے اپنی نیشنل پارٹی میں شمولیت کا اعلان کیا۔ نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا کہ نیشنل پارٹی باشعور سیاسی کارکنوں کی جماعت ہے جو حقیقی معنوں میں عوام کی نمائندگی کر رہی ہے۔ شمولیتی پروگرام میں نیشنل پارٹی کے مرکزی جنرل سیکریٹری جان محمد بلیدی، مرکزی کمیٹی کے اراکین واجہ ابوالحسن، ریٹائرڈ جسٹس شکیل بلوچ سمیت دیگر مرکزی و صوبائی رہنما موجود تھے۔

شال بقیہ 4
کہ امریکہ اور پاکستان میں کپاس اور ٹیکسٹائل کے شعبے میں مل کر کام کرنے کے ساتھ ساتھ دیگر کئی شعبوں میں تجارت اور سرمایہ کاری کے تعلقات کو بڑھانے کے بہت زیادہ امکانات موجود ہیں۔ پاکستان میں ٹیکسٹائل اور دیگر شعبوں میں ترقی کی بہت صلاحیت ہے، پاکستانی برآمد کنندگان امریکہ کی لبرل اقتصادی پالیسیوں سے باآسانی فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ انہوں نے اپٹما کی قیادت کو تجویز پیش کی کہ وہ تجارتی حجم کو بڑھانے اور دونوں ممالک کے درمیان اقتصادی شراکت داری کا زیادہ سے زیادہ فائدہ حاصل کرنے کے لیے امریکہ میں متعلقہ لوگوں سے زیادہ سے زیادہ اور مسلسل رابطے رکھیں۔ ڈونلڈ بلوم نے تجارتی اور سرمایہ کاری کے تعلقات کو بڑھانے کے لیے درپیش مسائل پر بھی روشنی ڈالی اور اس امید کا اظہار کیا کہ حکومت مسلسل کوششوں سے ان پر قابو پالے گی۔ انہوں نے یہ بھی امید ظاہر کی کہ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ امریکی خریدار پاکستان میں بھی اپنے دفاتر کھولیں گے۔ اب یہ آپ پر منحصر اور چیلنج ہے کہ پاکستان میں امریکی سرمایہ کاری کو کس طرح راغب کیا جاتا ہے۔

انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان خطے میں سب سے زیادہ لاگت کا مقابلہ کرنے والا ملک ہے لیکن اسے ٹیکس لگانے، منافع کی واپسی، پالیسیوں پر غیر متوقع صورتحال اور قانونی نظام وغیرہ سے متعلق مسائل کو حل کرنے کے علاوہ اسے بہتر کرنے کی بھی ضرورت ہے۔ امریکی سفیر نے کہا کہ امریکی سرمایہ کار پاکستان کے مختلف حصوں میں زراعت کے شعبے میں سرگرم ہیں۔ قبل ازیں اپٹما کے گروپ لیڈر گوہر اعجاز نے امریکی عہدیدار سے تعلیم اور تحقیق کے شعبے میں پاکستان کی مدد کرنے پر زور دیا تاکہ نوجوان پاکستانیوں خاص طور پر برآمدی شعبوں میں صلاحیت کو بڑھایا جاسکے۔

شال بقیہ 5
کہ اس پر کنڈا نہیں لگ سکتا مگر ہمارا یہ تجربہ کامیاب نہیں ہوا۔ انہوں نے کہا کہ ایڈوانس میٹر کا ڈسٹری بیوشن کمپنی سے رابطہ ہوگا اور ہر فیڈر اور ٹرانسفارمر کی چوری کی فوری نشاندہی ہو جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ دنیا میں یہ نظام انتہائی کامیابی سے چل رہا ہے، جدید ٹیکنالوجی کے استعمال سے بجلی چوری روکنے اور بلنگ کا معیار بہتر ہوگا۔

شال بقیہ 6
کر دیا ہے۔ انہوں نے اس سال پاکستان میں سیلاب سے ہونے والے نقصانات اور سیلاب کے خطرے کے انتظام، موافقت اور دریائے سندھ کے نظام کی لچک میں لیونگ انڈس انیشی ایٹو کی اہمیت پر زور دیا۔ پاکستان کی بحالی اور موافقت کی ضروریات پر بات کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے لیونگ انڈس انیشی ایٹو کا ایک جائزہ پیش کیا اور بتایا کہ یہ کس طرح سندھ طاس کے ماحولیاتی نظام کو بحال کرنے میں مدد کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی حدود میں خاص طور پر سیلاب جیسی قدرتی آفات کے دوران دریائے سندھ کے نظام کی ماحولیاتی صحت کو بحال کرنا ہماری آب و ہوا کی پائیداری کو یقینی بنانے کے لیے ایک اہم قدم ہے۔ وفاقی وزیر شیری رحمن نے شرم الشیخ میں کوپ۔27 کے پاکستان پویلین میں "دی لیونگ انڈس، این ایکسر آف ایڈاپٹیشن" کے عنوان سے پینل ڈسکشن سے بھی خطاب کیا۔ ان کے ساتھ وفاقی وزیر تجارت سید نوید قمر، پاکستان میں اقوام متحدہ کے ریذیڈنٹ کوآرڈینیٹر جولین ہارنیس اور انوائرمنٹ جرنلسٹ عافیہ سلام بھی موجود تھیں۔ پینل کے ماڈریٹر احمد رفیع عالم تھے۔ انہوں نے کہا کہ یہ ایک زبردست منصوبہ ہے، اس حوالے سے سرمایہ کار اور کثیر الجہتی تنظیمیں سرمایہ کاری کو ترجیح دے سکتی ہیں، دریائے سندھ ہماری تہذیب کا محور ہے، ہمیں اسے دوبارہ زندہ کرنے کی ضرورت ہے، دریائے سندھ کا نظام ہر صوبے سے گزرتا ہے اور ہمیں سندھ طاس کے تحفظ کے لیے کنسورشیم اپروچ کی ضرورت ہے، اور ساتھ ہی ان کمیونٹیز کی تعمیر نو کی ضرورت ہے جنہوں نے سیلاب میں اپنا سب کچھ کھو دیا ہے۔ زمینی سطح پر کئی پروجیکٹ ہیں جو سیلاب کے خطرے اور معاش پر مرکوز ہیں، جن میں حیاتیاتی تنوع اور ماحولیاتی نظام کی بحالی کی ضروریات کا بھی جائزہ لینا چاہیے۔

شال بقیہ 7
پیدا ہونے والی مختلف بیماریوں سے بچانے کے لیے اہم کردار ادا کیا۔ وفاقی وزیر نے کووڈ 19 کے دوران پاکستان کی بھرپور مدد بالخصوص چین کی ویکسینیشن مہیا کرنے پر حکومت چین کے تعاون کا شکریہ ادا کیا۔ وفاقی وزیر نے مزید کہا کہ گزشتہ ماہ وزیر اعظم شہباز شریف نے چین کا ایک کامیاب دورہ کیا اور مختلف یادداشتوں پر بھی دستخط ہوئے، اور اس دورے میں چین کی قیادت نے پاکستان کی بھرپور امداد پر آمادگی ظاہر کی۔ ہوانگ وینکسن جو وفد کی قیادت کر رہے تھے نے وفاقی وزیر کو سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں اپنے لائحہ عمل سے آگاہ کیا اور وفاقی وزیر کو مزید بتایا کہ ان کی ٹیمیں بلوچستان اور سندھ میں تعینات ہیں اور سیلاب سے متاثرہ افراد کو طبی امداد فراہم کر رہی ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہیلتھ سلیم اپنے کام کی تکمیل کے بعد دوبارہ چین کی حکومت کو صحت کے شعبے میں پاکستان کی مزید مدد کے لیے بریف کریں گے جس کے بعد آئندہ کا لائحہ عمل تشکیل دیا جائے گا۔

شال بقیہ 8
میں متعلقہ اداروں کے حکام کو بھی طلب کیا گیا تھا، ہم نے اعظم سواتی سے درخواست کی تھی وہ خود آئیں اور اپنا موقف پیش کریں، اب کو مدعو کرنے جارہے کئی وفد بھی بھیجا گیا تھا لیکن اعظم سواتی تشریف نہیں لائے۔ مولانا عبدالغفور حیدری نے کہا کہ ہم ان کی مدد کرنا چاہتے تھے۔ انہوں نے کہا کہ سنا ہے کہ انہوں نے کمیٹی میں پیش نہ ہونے اور بائیکاٹ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ایڈیشنل سیکرٹری وزارت داخلہ مومن آغا نے کہا کہ جیسے ہی یہ ویڈیو آئی وزارت داخلہ نے ایف آئی اے کو خط لکھا۔ ایڈیشنل سیکرٹری نے کہا کہ پانچ نومبر کو ہی اس پر کام کیا گیا۔ ایڈیشنل سیکرٹری وزارت داخلہ نے بتایا کہ میڈیا رپورٹس پر واقعہ کا نوٹس لیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ پانچ تاریخ کو وزارت داخلہ سے ہمیں خط موصول ہوا، سائبر کرائم کو ہدایات دی ،اس پر تحقیقات کی جائیں، ہماری سائبر کرائم برانچ نے ویب سے یہ ویڈیو لی۔ ڈی جی ایف آئی اے نے کہا کہ یہ ویڈیو دو تین ویڈیو کو ملا کر بنائی گئی ہے۔ ڈی جی نے کہا کہ رپورٹ میں بتایا گیا یہ ویڈیو جعلی ہے۔ سینیٹر مشتاق احمد نے سوال کیا کہ اس کی فورنزک میں کتنا وقت لگا۔ حکام سائبر کرائم نے کہا کہ اس رپورٹ میں دو سے تین گھنٹے لگے، کرائمنل رپورٹ میں دو سے تین دن لگتے ہیں۔ ڈی جی ایف آئی اے نے کہا کہ یہ ویڈیو خفیہ کیمرہ سے نہیں بنائی ہوئی۔ رکن کمیٹی فیصل سبزواری نے کہا کہ اعظم سواتی کو دوبارہ مدعو کیا جائے، اگر وہ نہیں آنا چاہتے تو وہ سپریم کورٹ سے مدد لے سکتے ہیں کیونکہ وٹس ایپ پر ان ناؤن نمبر نہیں ہوتے نمبر واضح ہوتے ہیں۔ سلیم مانڈوی والا نے کہا کہ اعظم سواتی نے کہا ہے کہ جو ویڈیو میرے پاس ہے میں اسے چیف جسٹس کو دکھاؤں گا۔

شال بقیہ 9
وزیر داخلہ نے کہا کہ حمود الرحمن کمیشن کی رپورٹ مل سکتی ہیار شد شریف کی پوسٹ مارٹم رپورٹ نہیں۔ انہوں نے کہا کہ عدلیہ بخوبی جانتی ہے کہ ان سے ملک نہیں چل رہا۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان معجزانہ طور پہ بچ گئے لیکن خطرہ ٹلا نہیں۔ شیخ رشید نے کہا کہ معیشت تباہ، زر مبادلہ کے ذخائر کم، نہ گیس نہ پٹرول، تو سرمایہ کاری خاک ہوگی، اب مولانا فضل الرحمن کو مذہبی کارڈ کیلئے آگے کیا ہے۔

شال بقیہ 10
کے دوران اہم فیصلے کیے گئے ہیں، آرمی چیف کی تعیناتی پر بھی غور کیا گیا اور فیصلہ کیا گیا کہ میرٹ کو اولیت دی جائے گی۔ ذرائع کے مطابق وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا کہ آرمی چیف کی تعیناتی آئینی معاملہ ہے، آئین کے مطابق طے ہوگا۔ ذرائع کے مطابق نواز، شہباز میٹنگ میں طے فیصلوں پر پی ڈی ایم کی قیادت کو بھی اعتماد میں لیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق پاکستان روانہ ہونے سے قبل وزیر اعظم شہباز شریف نے نواز شریف اور مریم نواز کے ساتھ دو گھنٹے سے زائد وقت گزارا۔ بعد ازاں شہباز شریف پاکستان روانہ ہوئے۔

شال بقیہ 11
سے ٹکرائی جس کے نتیجے میں چار نوجوان طلال خان، نعمان کاسی، بشیر افغان اور محمد نعمان جان جاں بحق جبکہ دانیال زخمی ہو گیا حادثہ اتنا شدید تھا کہ نوجوانوں کی لاشیں کار کی باڈی کاٹ کر نکالی گئیں چاروں نوجوانوں کی میتیں اور زخمی کو سول ہسپتال کوئٹہ منتقل کر دیا گیا پولیس نے ٹرک ڈرائیور بلیز کو گرفتار کر کے ٹرک کو قبضے میں لے لیا۔

شال بقیہ 12
گیا۔ تفصیلات کے مطابق ضلع واشک کے علاقہ رخشان سرلوپ میں زمینی تنازعے میں دو گروہوں میں لڑائی جھگڑے کے دوران فائرنگ کے نتیجے میں شیر بنزہ چک کے رہائشی حبیب احمد ولد عبدالرشید گولی لگنے سے شدید زخمی ہوگیا تھا زخمی کو ار اہچ سی ناگ منتقل کیا گیا جہاں طبی امداد دینے کے بعد کوئٹہ منتقل کیا جارہا تھا کہ بسیمہ کے مقام پر وہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جان کی بازی ہار گیا۔

شال بقیہ 13
کے علاقے چونا تک سے ایک شخص کی لاش برآمد کرلی مقتول کو فائرنگ کر کے قتل کیا گیا، لیویز نے لاش کو تحویل میں لیکر ہسپتال منتقل کر دیا مزید کارروائی جاری ہے۔

شال بقیہ 14
قلات کے علاقے قلی چشمہ میں پولیس چوکی پر نامعلوم افراد نے دستی بم پھینکا جو زوردار دھماکے سے پھٹ گیا دھماکے کے نتیجے میں پولیس اہلکار محمد یونس زخمی ہوگیا واقعہ کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور سیکورٹی فورسز نے جائے وقوعہ پہنچ کر علاقے کو گھیرے میں لیکر شواہد اکھٹے کرلئے، پولیس نے زخمی کو فوری طور پر طبی امداد کے لئے ہسپتال منتقل کر دیا مزید کارروائی جاری ہے۔

شال بقیہ 15
حب ڈیم سے حب اور گڈانی کو پانی فراہم کرنے والے لسبیلہ کینال میں 30 فٹ کا شگاف پڑ گیا جس کی وجہ سے صنعتی شہر حب اور گڈانی کو پانی کی فراہمی معطل ہوگئی ہے محکمہ ایری گیشن حکام نے موقف دیتے ہوئے بتایا کہ لسبیلہ کینال کی مرمت کا کام جلد شروع کیا جائیگا دوسری جانب حب شہریوں نے تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ حب کو مذکورہ کینال سے پہلے بھی پانی نہیں مل رہا بس ٹینکر مافیا کے لیے کینال استعمال ہو رہا ہے زرائع کے مطابق لسبیلہ کینال پر محکمہ ایری گیشن حکام کی مبینہ ملی بھگت سے پانی چوری کر کے حب کے شہریوں کو مہنگے داموں فروخت کی جارہی ہے۔

شال بقیہ 16
منصوبہ میں 65 کروڑ بدعنوانی کی نذر ہو جاتا ہے، اسی طرح سندھ میں 45 فیصد، پنجاب میں 32 فیصد اور خیبر پختونخوا میں 21 فیصد کرپشن ہوتی ہے، حکمرانوں نے مالی ہی نہیں ملک کو اخلاقی اور انتظامی کرپشن کا بھی شکار کیا، جاپان نے ایٹم بم کے حملہ اور دو عالمی جنگوں میں تباہی کے باوجود ترقی کی، چینی قوم نشے سے تباہ ہوئی پڑی تھی، لیکن دنیا کے نقشے پر منظم قوم بن کر ابھری، چیلنج سے کہتا ہوں کہ ہمارے حکمران اگر چند سالوں کے لیے چین اور جاپان پر مسلط ہو جائیں تو دونوں ممالک کا بیڑہ غرق کر دیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے لاہور لیڈز یونیورسٹی میں "قومی معیشت کو درپیش مسائل اور ان کا حل" کے موضوع پر سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ پروگرام میں اساتذہ اور طلبہ و طالبات کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ انہوں نے کہا کہ پی ڈی ایم، پیپلز پارٹی اور پی ٹی آئی سڑکوں پر بھی اور ایوانوں میں بھی موجود ہیں، یہ لوگ جلسے اور بیانات دینے کی بجائے یہ بتائیں کہ سالہا سال اقتدار میں رہنے کے بعد عوام کی بہتری کے لیے کیا کارنامہ سرانجام دیا؟ ملک میں 85 فیصد عوام پینے کے صاف پانی سے محروم ہے، حکمرانوں نے کتنے لوگوں کے لیے صاف پانی کا انتظام ممکن بنایا، ڈھائی کروڑ بچے سکولوں سے باہر ہیں، حکمران اشرافیہ بتائے کتنے بچوں کو سکول بھیجا؟ تصور کریں کہ جس ملک میں ڈھائی کروڑ بچے سکول نہ جاسکیں، وہ کیسے ترقی کرے گا؟ ہمارا عدالتی نظام تباہ، ایوان ربڑ سٹیمپ، الیکشن کمیشن بے وقعت ہے۔ پورا ملک کرپشن کے سمندر میں غوطے کھا رہا ہے۔ اس فرسودہ اور کھوکھلے نظام سے نجات حاصل کرنے کے لیے ایماندار اور اہل قیادت درکار ہے۔

شال بقیہ 17
سے 60 کروڑ روپے مہنگی گندم خریدی جائے گی۔ نجی ٹی وی کے مطابق روس سے خریدی جانے والی گندم کی پورٹ پر لاگت 892 روپے فی دس کلو پڑے گی جبکہ درآمد گندم پر پورٹ سے سٹیشن پہنچنے کے چارجز بھی عائد کیے جائیں گے۔ ذرائع کے مطابق ملکی گندم کی مارکیٹ میں دس کلو کی قیمت 872 روپے تک ہے جبکہ روس سے خریدی جانیوالی تین لاکھ گندم پر ساٹھ کروڑ روپے اضافی لاگت آئیگی۔ ذرائع کے مطابق روس سے خریدی جانیوالی گندم کی امپورٹ ابھی تک شروع نہیں ہوسکی، روس سے درآمدی گندم پندرہ جنوری 2023 تک درآمد کی جاسکے گی۔

شال بقیہ 18
صدارت اجلاس ہوا جس میں کامل علی آغا نے کہا کہ ایف بی آر کی جانب سے مجھے ہراساں کیا جارہا ہے، ایف بی آر نے مجھے گاڑی ڈکلیئر نہ کرنے کا نوٹس جاری کردیا۔ کامل علی آغا نے کہا کہ میں اپنے ٹیکس گوشواروں میں گاڑی ڈکلیئر کر چکا ہوں۔ رکن کمیٹی نے کہا کہ اس ملک میں کیا ہو رہا ہے، ایف بی آر کو کوئی پوچھنے والا نہیں۔ کامل علی آغا نے کہا کہ اس ملک میں کوئی قانون نہیں، بنانا ریپبلک کو بھی پیچھے چھوڑ دیا ہے، ایف بی آر والے خود کو قانون سے بالا تر سمجھتے ہیں۔ کامل علی آغا نے کہا کہ مجھے جواب دیں ورنہ ان کو سپریم کورٹ لے کر جاؤں گا۔ چیئرمین ایف بی آر نے معاملے کی تحقیقات کیلئے وقت مانگ لیا۔ چیئرمین ایف بی آر عاصم احمد نے انصاف کی یقین دہانی کرادی۔ چیئرمین ایف بی آر نے کہا کہ بلوچستان میں 3 سے 6 ماہ کیلئے ڈیلی ویجز بھرتی کیے گئے، اس سلسلے میں 30 افراد کو ڈیلی ویجز پر بھرتی کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ ان ڈیلی ویجز کو 7 ہزار سے 20 ہزار روپے تک کام کے لحاظ سے بھرتی کیا گیا، ان 30 میں سے 15 افراد وردی پہن کر چیکنگ کرتے پکڑے گئے۔

شال بقیہ 19
دیگر متعلقہ محکموں کے اعلیٰ آفسران اور کرش پلانٹس مالکان نے شرکت کی۔ اجلاس میں کرش پلانٹس کے حوالے سے جگہ کے تعین سمیت دیگر امور اور درپیش مسائل کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں فیصلہ ہوا کہ عدالت عالیہ کے حکم کے مطابق ہزار گنجی نیشنل پارک کی حدود میں جو کرش پلانٹس غیر قانونی اور بغیر این او سی چل رہے ہیں انہیں فوری طور پر بند کیا جائے۔ جن کرش پلانٹس کے پاس این او سی موجود ہیں وہ حکومتی ایس او پیز کے عمل درآمد کو یقینی بنائیں۔ کمشنر کوئٹہ ڈویژن نے تمام متعلقہ محکموں کو ہدایت کی کہ اپنے ٹی او آرز اور ایس او پیز پر مکمل عمل درآمد کرائیں اور جن مالکان کو اجازت نامے ملے ہیں وہ دس یوم کے اندر ایس او پیز کو یقینی بنائیں ورگرنہ ان کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ اجلاس میں یہ بھی فیصلہ ہوا کہ محکمہ جنگلات، محکمہ ریونیو اور محکمہ سٹلمنٹ اراضیوں کی حد بندی کا عمل جلد از جلد مکمل کر کے اپنی رپورٹ مرتب کریں۔

شال بقیہ 20
بہانوں سے ہتک عزت کے کیس کو تاخیر کا شکار کیا، ہم اپنا موقف بیان کرنے کی حد تک مقدمہ جیت چکے ہیں۔ برطانوی عدالت کی جانب سے وزیر اعظم شہباز شریف کی درخواست خارج ہونے کے حوالے سے اپنے بیان میں وزیر اطلاعات نے کہا کہ ان درخواستوں پر مقدمے کی لاگت ادا کی جا رہی ہے، ڈیلی میل کے شہباز شریف پر عائد کردہ الزامات کی سماعت کے لئے جج نے آئندہ ماہ 13 دسمبر کی تاریخ مقرر کی ہے۔ ان الزامات پر تفصیلی جواب 13 دسمبر 2022 تک جمع کرانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہباز شریف کی جانب سے مقدمے میں مختصر جواب پہلے ہی جمع کرایا جا چکا ہے، ہتک عزت کے مقدمے کا ٹرائل دسمبر میں ہوگا، ڈیلی میل عدالت میں اپنے الزامات کو تا حال ثابت نہیں کر سکی، اب اسے قانون کا سامنا کرنا پڑے گا۔

شال بقیہ 21
جا گری، 3 افراد ہلاک 4 شدید زخمی ہوگئے، المناک حادثہ جمعہ کی شام کو اس وقت پیش آیا جب مسافروں سے بھری جیپ گوہر آباد برگین گاؤں کی طرف جا رہی تھی، ہلاک اور زخمی افراد کا تعلق گوہر آباد سے بتایا جارہا ہے، تمام زخمی افراد کو ریسکیو اہلکار، پولیس اور مقامی افراد نے جائے حادثہ سے نکال کے آر ایچ کیو ہسپتال چلاس پہنچا دیا ہے جہاں پر ایک زخمی کی حالت تشویشناک بتائی جارہی ہے، ہلاک ہونے والوں میں دو مرد ایک عورت اور ایک بچی شامل ہیں۔ وزیر اعلیٰ گلگت بلتستان خالد خورشید اور وزیر اطلاعات فتح اللہ خان نے اس افسوسناک حادثے پر گہرے دکھ کا اظہار کیا ہے اور ضلع دیامر کے اعلیٰ حکام کو ہدایات جاری کیے ہیں کہ وہ زخمی افراد کو بہتر ین سہولیات فراہم کریں۔

شال بقیہ 22
اوگرا عمران غزنوی کے مطابق اوگرا نے نومبر 2022 کے لیے درآمدی آر ایل این جی کی قیمتوں میں کمی کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا جس کے مطابق سوئی ناردرن سسٹم کیلئے آر ایل این جی فی یونٹ قیمت ترسیل میں 0.031925 ڈالر فی ایم ایم بی ٹی یو کی کمی کی گئی، سوئی سدرن سسٹم پر آر ایل این جی کی قیمت ترسیل میں 0.32974 ڈالر فی ایم ایم بی ٹی یو کی کمی کی گئی۔ ترجمان کے مطابق سوئی ناردرن سسٹم پر آر ایل این جی کی نئی قیمت ترسیل 13.3888 ڈالر فی ایم ایم بی ٹی یو مقرر جب کہ قیمت تقسیم 14.4387 ڈالر فی ایم ایم بی ٹی یو مقرر کی گئی ہے۔

شال بقیہ 23
ملزمان کو سزائے موت سنادی گئی۔ ایبٹ آباد میں انسداد دہشتگردی عدالت نے داسو دہشتگرد حملہ کیس میں دو ملزموں کو 13، 13 بار سزائے موت اور 15، 15 لاکھ جرمانے کی سزا سنادی۔ عدالت نے جرمانے کی عدم ادائیگی پر ایک سال اضافی قید کی سزا سنائی گئی۔ مجرمان میں محمد حسین اور ایاز شامل ہیں۔ انسداد دہشتگردی عدالت نے کیس میں ناکافی ثبوتوں کی بنا پر کیس میں نامزد 4 ملزمان کو بری کردیا۔ خیال رہے کہ گزشتہ سال جولائی میں اپر کوہستان کے علاقے داسو میں دہشتگرد حملے میں چینی انجینئرز سمیت کم از کم 13 افراد ہلاک ہوئے تھے۔

شال بقیہ 24
کار استقبال کے مقام پر استقبال کیا۔ اس موقع پر رہنما مسلم لیگ (ق) حسین الٰہی نے لانگ مارچ کی قیادت کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ عمران خان آپ ایک قدم بڑھائیں گے گجرات والے دو قدم بڑھائیں گے، عمران خان کے ساتھ کل بھی ڈٹ کر کھڑے تھے آج بھی ڈٹ کھڑے رہے گے۔ اس موقع پر پی ٹی آئی کے نائب چیئرمین شاہ محمود قریشی نے کہا کہ گجرات کی عوام عمران خان کے ساتھ چٹان کی طرح کھڑے ہیں، عمران خان کا چند ماہ قبل گجرات کے لوگوں نے تاریخی استقبال کیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی سیاست دو حصوں میں تقسیم ہے۔ انہوں نے کہا کہ سابق وزیر اعظم کو قانونی حق کے لیے عدالت سے رجوع کرنا پڑ رہا ہے، اوران کی لڑائی ہی قانون کی بالادستی کے لیے ہے۔

شال بقیہ 25
گیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق کے الیکٹرک نے 4 روپے 62 پیسے فی یونٹ کمی کی درخواست کی تھی، اتھارٹی نے 25 اکتوبر 2022 کو ایف سی اے پر عوامی سماعت کی تھی اور کمی کی منظوری دی گئی۔ نیپرا کے مطابق قبل ازیں اگست کا ایف سی اے صارفین سے 4 روپے 89 پیسے فی یونٹ کی کے ساتھ چارج کیا گیا تھا، ستمبر کا ایف سی اے اگست کی بہ نسبت صارفین سے 24 پیسے کم چارج کیا جائے گا۔

شال بقیہ 26
سرانجام دیں گے۔ کلوز سرکل میں کے پی پولیس کے کمانڈوز کو تعینات کیا جائیگا۔

شال بقیہ 27
کرانے پہ راضی ہوتی ہے تو ہم اس کے ساتھ بیٹھنے کیلئے تیار ہیں، باقی سارا فریم ورک ہم ان کے ساتھ بیٹھ کر طے کرنے کو بھی تیار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت آکشن کے ذریعے اقتدار میں آئی ہے، رانا ثنا اللہ نے ماضی سے کچھ نہیں سیکھا وہ چاہتے ہیں ملک میں فساد ہو۔ انہوں نے کہا کہ روز کسی نہ کسی کو اٹھا لیا جاتا ہے اور لوگوں کی ویڈیو ز آجاتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آرمی چیف کی تقرری پر اتفاق نہ ہونا سیاستدانوں کی ناکامی ہے۔

شال بقیہ 28
ہوا۔ انتظامیہ کے مطابق پوسٹ مارٹم رپورٹ کے دوران جسم کے مختلف حصوں سے سیمپلز فارنزک لیب بھجوائے تھے، فارنزک رپورٹ آنے کے بعد حتمی رپورٹ مرتب کی جائے گی۔ پھر انتظامیہ کے مطابق پوسٹ مارٹم رپورٹ بذریعہ عدالت حاصل کیے جانے کا اعلانہ کو پہلے ہی بتایا گیا تھا، پوسٹ مارٹم رپورٹ تفتیشی آفیسر کو دینی ہوتی ہے انہیں بروقت فراہم کر گئی۔ انتظامیہ کے مطابق پوسٹ مارٹم رپورٹ ورثا یا کسی غیر متعلقہ کو فراہم کرنا خلاف قانون ہے۔

شال بقیہ 29
آر لیگر پولیس اسٹیشن کی بھی تاہم ہماری شنوائی نہیں ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب میں حکومت پی ٹی آئی کی ہے لیکن پولیس پنجاب حکومت کے تابع ہے لیکن پھر بھی پولیس بے بس ہے، اسی بے بسی کے خلاف ہم آواز بلند کر رہے ہیں، یہی بے بسی بتاتی ہے کہ کچھ لوگ قانون سے بالا ہیں۔ انہوں نے کہا کہ انصاف کے دروازے سب کے یکساں طور پر کھلے ہونے چاہئے چاہے سابق وزیر اعظم ہو یا عام آدمی ہو۔

شال بقیہ 30
کہا کہ ترقی کا راز تعلیم میں پنہاں ہے دوسری اقوام نے تعلیم کے زیور سے آراستہ ہو کر جدید ٹیکنالوجی سے خود کو مزین کر کے کامیابیاں حاصل کی ہیں بلوچ نوجوانوں کو چاہیے اپنی توجہ تعلیم پر مرکوز رکھیں تاریخ فلسفہ سماجیات اور طب کے شعبوں کے ساتھ ساتھ جدید ٹیکنالوجی میں مہارت حاصل کریں کیونکہ اکیسویں صدی تعلیم ٹیکنالوجی کی صدی ہے میں نے اپنے حلقے انتخاب میں تعلیمی اداروں پر خصوصی توجہ مرکوز کی ہوئی ہے تعلیم کے حصول میں کسی کو رخنہ ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی اور تعلیمی اداروں کو تمام تر سہولیات کی فراہمی میرا نصب العین ہے ناصر آباد میں زیر تعمیر انٹر کالج کو مقررہ وقت پر مکمل کیا جائے گا کام تعمیراتی معیار کو صورت برقرار رکھا جائے گا ناقص میٹریل اور سست روی تساہل پسندی سے کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی انہوں نے کہا کہ حکام بالا کو کام کی رفتار مزید تیز کرنے کی ہدایت و احکامات جاری کردیئے گئے ہیں۔

شال بقیہ 31
کا مقصد سکیورٹی امور کو سمجھنا اور اس بارے آگاہی پیدا کرنا تھا۔ بیان کے مطابق شرکا کو قومی سلامتی اور پاکستان کو درپیش چیلنجز سے آگاہی دی گئی، صدر نے ورکشاپ کے شرکا کو قومی سلامتی سے متعلق ورکشاپ کی کامیاب تکمیل پر مبارکباد دی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق صدر نے ملکی قیادت کیلئے نیشنل سکیورٹی ورکشاپس کے انعقاد میں این ڈی یو کے کردار کو سراہا۔

شال بقیہ 32
مہذب معاشروں میں ایسا نہیں سنا کہ کسی پر قاتلانہ حملہ ہوا اور وہ ایف آئی آر نہ درج کروا سکے۔ شوکت ترین نے کہا کہ واقعے میں ایک شخص قتل ہوا اور سابق وزیر اعظم سمیت متعدد افراد زخمی ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ چیف جسٹس اور سپریم کورٹ نوٹس لیں اور اس پر کارروائی کریں۔

شال بقیہ 33
حبیب اللہ حافظ عبدالحق حقانی مولانا شیخ مولانا عبد الاحد محمد حسنی مولانا حافظ سردار محمد نورزئی اور ضلع بھر کی تمام مساجد کے ائمہ و خطباء نے سودی نظام کے نقصانات اور حرمت پر خطبات دیئے اور حکومت پاکستان کی جانب سے سود سے پاک معاشی نظام کا خیر مقدم کرتے ہوئے مطالبہ کیا کہ اعلان پر فوری طور پر عمل کا آغاز کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ اس اہم اعلان پر ہم پوری قوم کو مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ انہوں نے مولانا فضل الرحمان اور وزیر اعظم میاں شہباز شریف کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ سود سے پاک معیشت پاکستان کی ترقی اور خوشحالی کی ضامن ہے، یہ فیصلہ قوم کی امنگوں کے عین مطابق ہے اور جے یو آئی ملکی معیشت کو اسلامی احکامات کے مطابق ڈھالنا چاہتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسلامی احکامات پر عمل کرنے سے ہی ملک میں اللہ تعالیٰ کی رحمت برسے گی اور معاشی انقلاب آئے گا۔ انہوں نے کہا کہ جے یو آئی مولانا فضل الرحمن کی قیادت میں پرامن جدوجہد کے ذریعے نظام مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے کوشاں ہے اور اپنی جدوجہد اسلامی نظام کے نفاذ تک جاری رکھے گی۔ انہوں نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام نے ہمیشہ ہی اسلامی قوانین کے نفاذ کے سلسلے میں تاریخ ساز جدوجہد کی ہے۔

شال بقیہ 34
ویل چیئرز تقسیم کرنے کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر ریونیو عبدالوہاب ناصر بشیر دمڑ بھی موجود تھے۔ بی آر ایس پی کے ڈسٹرکٹ پروگرام منیجر قطب خان مندوخیل نے کمشنر کو پروجیکٹ کے حوالے سے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ اس وقت تقریباً 60 ویل چیئرز افغان مہاجرین اور لوکل معذوروں میں تقسیم کئے جائیں گے جس میں صرف پانچ خصوصی افراد کو یہاں پر بلایا گیا ہے اور جو ڈپٹی کمشنر آفس میں دیئے گئے ہیں بقیہ کو اپنے گھر پر ویل چیئرز دیئے جائیں گے۔

شال بقیہ 35
کرنے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ رواں ہفتے کے آخر میں سعودی عرب کی خصوصی سکیورٹی ٹیم پاکستان پہنچے گی اور ایم بی ایس کے دورے کے حوالے سے سکیورٹی انتظامات کا حتمی جائزہ لے گی اور دورہ کو حتمی شکل دی جائے گی۔ سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے کہا کہ پاکستان اس وقت معاشی و سیاسی مسائل سے دوچار ہے ایسے میں سعودی ولی عہد محمد بن سلمان کا دورہ انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ سعودی ولی عہد محمد بن سلمان کے دورے میں پاکستان کو 2.4 ارب ڈالرز کے اضافی تیل آؤٹ پیکج ملنے کی توقع ہے جو کہ ایک خوش آئند اقدام ہے۔ اس سے پاکستان کو معاشی و دیگر مسائل پر قابو پانے میں بھرپور مدد ملے گی۔ سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے کہا کہ محمد بن سلمان کے دورہ پاکستان میں سعودی عرب کی جانب سے پاکستان میں مضبوط سرمایہ کاری متوقع ہے اور ہم سعودی عرب کے پاکستان کو اقتصادی طور پر اپنے پاؤں پر دوبارہ کھڑا کرنے اور مضبوط کرنے کے ان اقدامات کا خیر مقدم کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سعودی آرامکو ARMACO کا مقصد 2030 سے پہلے پائپ لائنوں اور ایل این جی ٹینکرز کے ذریعے یومیہ 3 بلین کیوبک فٹ گیس برآمد کرنا ہے۔

شال بقیہ 36
سہولیات کی فراہمی کے لئے پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ انتہائی ضروری ہے اور جلد ہی گوادر ہسپتال کو انڈس ہسپتال کے تعاون سے چلایا جائے گا اور صوبائی حکومت حب میں جام غلام قادر ہسپتال کو اسی طرز پر چلانے پر غور کر رہی ہے تاکہ عوام کو بہترین طبی سہولیات کی فراہمی ممکن ہو۔ تقریب سے چیئرمین انڈس ہیلتھ نیٹ ورک عبدالکریم پراچہ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہم صوبائی حکومت کے ساتھ ہر ممکن تعاون کے لئے تیار ہیں اور ادارہ موبائل کلینک اور دوسرے ہیلتھ سروسز فراہم کر رہے ہیں۔

شال بقیہ 37
و بوائز کالج ہاسٹل کے زیر تعمیر بلڈنگ کا دورہ کے موقع پر میڈیا نمائندگان سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سابق ادوار میں ضلع کچھی کو تعلیم سے محروم رکھا گیا جس کی وجہ سے ضلع میں تعلیمی پسماندگی کی شرح میں اضافہ ہوا انکا کہنا تھا کہ میرے دور وزارت تعلیم میں پورے بلوچستان بالخصوص ڈسٹرکٹ کچھی بولان میں 150 ملین لاگت سے ڈگری بوائز کالج ہاسٹل اور 130 ملین لاگت سے ڈگری گرلز کالج ہاسٹل منظور کیے گئے جو کہ زیر تعمیر ہے جنکی تعمیراتی کام میں سست روی ہرگز برداشت نہیں کرینگے اور تعمیراتی کام میں معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا زیر تعمیر بوائز گرلز ڈگری کالج کی تعمیر کے بعد یہاں تعلیمی نظام میں جدت آئیگی ضلع کچھی کے تعلیمی نظام کی بہتری ہماری ترجیحات کا حصہ ہیں جسکی اہم مثال شوران ایم سی آر ریزیڈنشل کالج ہے جہاں بلوچستان کے دور دراز اضلاع تعلیم حاصل کر رہے ہیں جو کہ جدید تقاضوں کے مطابق ہے ضلع کچھی کے تعلیمی نظام میں اصلاحات ناگزیر ہیں۔

شال بقیہ 38
سے دائر کردہ درخواستیں واپس لینے کا اعلان کر دیا ہے جو کہ سودی نظام کے خاتمے کا نقطہ آغاز ہے ہم ملک میں سودی نظام کے مکمل خاتمے کیلئے کوشش جاری رکھیں گے اور پاکستان کو ایک فلاحی و اسلامی ریاست بنانے کی جدوجہد جاری رکھیں گے عمران خان فارن فنڈ ڈ ہے وہ ملک میں نہ آئین کو سمجھتے ہیں اور نہ ہی وہ آئین کو کوئی اہمیت دیتے ہیں وہ اپنی ذات کو آئین و قانون سے ہمیشہ بالاتر سمجھتے ہیں انکے لانگ مارچ سے ملک میں نہ آئین کو کوئی خطرہ ہے اور نہ ہی جمہوریت کا بستر لپیٹ سکتا ہے نئے آرمی چیف کی تقرری معمول کی بات ہے جو کہ میرٹ پر ہوگی اور اسکا کلی اختیار وزیر اعظم کے پاس ہے تاہم پی ڈی ایم کی مشاورت انہیں ضرور شامل حال رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ آصف علی زرداری اور مسلم لیگ ن کے قائد میاں نواز شریف پر کرپشن کا الزام لگانے والے سابق وزیر اعظم کی پوری کابینہ چوروں سے بھری پڑی تھی۔

شال بقیہ 39
کی غلامی کو قبول کرنے میں تحریک انصاف اور اتحادی حکومت دونوں برابر کی مجرم ہیں، دونوں نے عوام کی مشکلات میں اضافے کے سوا کچھ نہیں کیا۔ انہوں نے کہا کہ مہنگائی آسمان سے باتیں کر رہی ہے، بجلی مشکلات، مصائب، پریشانیوں، بحران در بحران اور تکالیف کی بنیادی وجہ سودی نظام ہے، جلد از جلد سودی نظام سے نجات ہی میں ملک و قوم کی عافیت و فائدہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر خزانہ معیشت کو قرآن و سنت کی بنیاد پر استوار کریں رہنمائی کیلئے ملک بھر میں جید علمائے کرام کی کمی نہیں۔

شال بقیہ 40
بلوچستان فیزیوتھراپسٹس ایسوسی ایشن کے بھوک ہڑتالی کیمپ میں شرکت کی اور انکے ساتھ اظہار یکجہتی کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں اس وقت تعلیم یافتہ طبقے کو سب سے زیادہ بیروزگاری کا سامنا ہے اور حکومت سے مذاکرات کے باوجود فیزیوتھراپسٹس کے مطالبات نہیں مانے جارہے اور الٹا انہیں اپنے حقوق پر دس دنوں تک جیل میں بند کیا گیا کیمپ میں بلوچستان فیزیوتھراپی ایسوسی ایشن کے چیئرمین ڈاکٹر ارشد رحمت، ڈاکٹر عزیز الرحمن ترین، ڈاکٹر شمس بلوچ، ڈاکٹر مقبول بلوچ نے کہا کہ حکومت مذاکرات کے نام پر ڈاکٹروں کو دھوکا دے رہی ہے ہمارے دو سو پوسٹ اس وقت خالی پڑی ہوئی ہیں ہمیں ڈگریاں تو مل گئی ہیں لیکن ان ڈگری ہولڈرز کو کوئی ملازمت نہیں دی جاتی اور کہا کہ فیزیوتھراپی اس وقت ایک جدید اور موثر علاج ہے اور عوام اس سے مستفید ہوسکتے ہیں اور باقی صوبوں میں بھی فیزیوتھراپسٹس کو آسامیاں دی گئی ہیں لیکن بلوچستان حکومت کو اس علاج کے بارے میں کوئی علم ہی نہیں ہیں دھرنے کے شرکاء سے عمران ترین نے کہا کہ پانچ مہینوں سے علامتی بھوک ہڑتال پر بیٹھے ڈاکٹروں کے مطالبات تسلیم نہ کرنا حکومت کی نااہلی ہے۔

شال بقیہ 41
مقتول شیر علی کی زوجہ کی مدعیت میں مقدمہ فرد نمبر 76/2022 بجرم 302 ق د نامعلوم الاسم ملزم ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کیا گیا تھا جس پر ڈی آئی جی پولیس کوئٹہ اظفر مہیسر کی ہدایت پر پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ملزم جان علی ولد محمد جمعہ قوم ہزارہ سکنہ ہزارہ ٹاؤن بروری کوئٹہ کو گرفتار کر کے آلہ قتل پستول برآمد کر لیا مزید کارروائی جاری ہے۔

شال بقیہ 42
ہوئے مرحومین کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی، نوابزادہ لشکری رئیسانی نے علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے ریجنل ڈائریکٹر سید قمرالدین احمد سے ان کی ہمشیرہ کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے مرحومہ کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی اس موقع پر لالا یوسف خلجی، ظاہر خان دمڑ، حاجی اسحاق لہڑی، قاری اختر شاہ کھرل، رحیم ترین، ظفر صدیق، قاضی یاسر عباس لہڑی، دین محمد رئیسانی، مجاہد عبداللہ رئیسانی، بابو شمشیر خان ہنگورئی، ملک مصطفیٰ کاکڑ، علاء الدین کاکڑ، غازی خان ہنگورئی، حاجی گل ہنگورئی، ڈگری یعقوب لانگو، جہانزیب اعوان و دیگر بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔

شال بقیہ 43
اسسٹنٹ کمشنر حب سید سمیع اللہ کا کہنا تھا کہ جاری کردہ لسٹ پر من و عن عملدرآمد کیا جائے عوام الناس جاری کردہ لسٹ سے زائد رقم وصول کرنے والے دکاندار کے خلاف باقاعدہ تحریری درخواست اے سی آفس حب میں جمع کروائیں تاکہ مذکورہ دکاندار کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جاسکے۔ اس موقع پر اسسٹنٹ اے سی آفس مرتضیٰ شیخ، لیویز انچارج حب یار محمد برفت اور ٹریفک انچارج حب عبدالغفور رند، ایڈمنسٹریٹر ایگریکلچر مارکیٹ کمیٹی لسبیلہ ایوب بلوچ ایگریکلچر آفیسر مارکیٹ کمیٹی لسبیلہ جمیل احمد مینگل و دیگر اسسٹنٹ کمشنر حب کے ہمراہ تھے۔

شال بقیہ 44
آفیسر ملا ہے عوام کے پیسے کو عوام کی فلاح و بہبود کے لئے خرچ کر رہا ہے۔ موصوف کی کارکردگی قابل فخر ہے خضدار میں صفائی اور ستھرائی کا کام پہلے نہ ہونے کے برابر تھا چیف آفیسر وڈیرہ محمد صالح جاموٹ کے آنے سے سٹی میں صفائی ستھرائی اسٹریٹ لائٹس کی تنصیب مچھر مار سپرے ہو رہا ہے ہر طرف کام بھی نظر آرہا ہے لوگوں کے مسائل حل ہو رہے ہیں نہ کوئی بلیک میل ہو رہا ہے سابق چیف آفیسر کے بلیک میلنگ کی وجہ سے لوگ بیت اللہ شریف میں بددعائیں کرنے لگے تھے موجودہ چیف آفیسر کا برتاؤ اپنے ملازمین اور تاجر برادری کے ساتھ بھی دوستانہ ہے ہم امید کرتے ہیں کہ چیف آفیسر وڈیرہ محمد صالح جاموٹ خضدار شہر کو مزید خوبصورت بنانے اور یہاں کے باسیوں کو زندگی کی بہترین سہولیات فراہم کرنے کے لئے مزید اقدامات کریں گے۔

شال بقیہ 45
سے ترجیحی کنونشن کے تل بوتے جماعت منظم ہوئی ہے۔ ژوب سیاست کا محور ہے۔ جماعت علمائے کی سیاسی پیداوار ژوب سے ہوئی ہے۔ جمعیت علمائے اسلام ایک زنجیر کی مانند ہے۔ جبکہ چند عناصر جماعت کو تقسیم کرنے کی ناکام کوشش کر رہے ہیں۔ جمعیت علمائے اسلام نظریات کی بنیاد پر افغانستان میں طالب حکومت کی حمایت کر رہے ہیں۔ کارکنان خلوص نیت کو اپنا شعار بنا کر جماعتی فیصلوں اپنی ذاتی رائے پر مقدم رکھ سر تسلیم خم کریں۔ پارٹی کے دستور و منشور کو مد نظر رکھتے ہوئے پارٹی کی فعالیت میں کردار ادا کریں۔ قوم پرستی کا عنصر اپنی ذہنوں سے نکال باہر کریں۔ دوسروں میں خامیاں تلاش کرنے اور ان پر نقطہ چینی کے اپنی اصلاح کی فکر کریں۔ شخصی رائے میں اپنی خواہشات کو پس پشت ڈال کر کے جمعیت کو آزادانہ فیصلوں کا اختیار دے دیں اور اپنے اکابرین کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد کر کے جمعیت کی استحکام کیلئے کسی قسم کی جانی و مالی قربانی سے دریغ نہ کریں۔ دریں اثنا انہوں نے کہا کہ موجودہ دور حکومت میں انتہائی کٹھن مراحل کے باوجود ملک ترقی کی راہ پر گامزن ہے۔

شال بقیہ 46
ٹریفک مسائل کو سامنے رکھتے ہوئے مقررین نے پبلک ٹرانسپورٹ کی بہتر سہولیات کی فراہمی کو اولین ترجیح قرار دیا۔ ڈپٹی ڈائریکٹر پی ڈی ایم اے غفور آغا نے حالیہ سیلاب سے ہونے والی تباہ کاریوں پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں تقریباً دو لاکھ گھر مکمل تباہ ہوگئے ہیں ان کی تعمیر نو کرنے کی اشد ضرورت ہے ہم اپنے محدود وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے اقدامات اٹھا رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ طلباء اپنی ریسرچ کے ذریعے موجودہ دور کے تقاضوں کو اجاگر کر کے اپنا کردار ادا کر سکتے ہیں۔

شال بقیہ 47
یرغمال ہو کر مذموم مقاصد کو پایہ تکمیل تک پہنچانا ہے جو کہ کسی صورت قابل قبول نہیں۔ کلچر ڈائریکٹوریٹ کو کسی صورت پریشر اور بلیک میلنگ گروپ کے ہاتھوں یرغمال نہیں بننے دیا جائے گا۔ کلچر ڈائریکٹریٹ کو متنازعہ بنانے کی تمام کوششیں ہر صورت ناکام بنادی جائے گی اور ملازمین کے حقوق کی مکمل حفاظت کی جائیگی۔

شال بقیہ 48
ملوث سابق شوہر کو گرفتار کر لیا گیا ملزم نے سابقہ بیوی کے قتل سے دو ہفتے قبل ایک خاتون کو بھی فائرنگ کر کے زخمی کیا تھا۔ ایس پیز نوید عالم اور شعیب مسعود نے کہا کہ ملزم عطا اللہ نے 20 اگست 2022 کو شاہین بنگلوز سریاب روڈ کے قریب اپنی سابقہ بیوی نرگس کو اس وقت فائرنگ کر کے قتل کر دیا تھا جب وہ اپنے بھائی کے ہمراہ پیشی کیلئے عدالت جارہی تھیں۔ اس سے قبل 03 اگست کو اس نے اپنی بیوی کے بھتیجے میں فائرنگ کر کے ایک خاتون زہرہ پر بھی فائرنگ کی تھی جس میں وہ معجزانہ طور پر محفوظ رہی اور اس کا کیس سریاب پولیس اسٹیشن میں درج کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ ملزم کی گرفتاری کیلئے پولیس سرتوڑ کوششیں کر رہی تھیں اور پولیس تھانہ ایئر پورٹ نے کارروائی کرتے ہوئے عطا اللہ کو کلی اسماعیل سے حراست میں لیا۔ ایس پیز نوید عالم اور شعیب مسعود نے کہا کہ پولیس عوام کی تحفظ کی ضامن ہے اور جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ پولیس نے کوئٹہ شہر کو منشیات سے پاک کرنے کا عزم کر رکھا ہے منشیات کی خرید و فروخت میں ملوث عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔

شال بقیہ 49
ہیں کہ گیس بندش، پریشر میں کمی اور سلو میٹر چارجز کے مسئلہ کو جلد از جلد حل کیا جائے بصورت دیگر ہم احتجاج پر مجبور ہوں گے۔ یہ بات انہوں نے جمعہ کو علامہ سید رضا اخلاقی کے ہمراہ کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ شہر کے نواحی علاقوں میں عوام کو 24 گھنٹوں میں سے 6 سے 8 گھنٹے بمشکل گیس فراہم کی جاتی ہے اور سردی کی وجہ سے بچوں، عمر رسیدہ اور بیمار افراد کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان ہائی کورٹ نے سوئی سدرن گیس کمپنی کی جانب سے ماہانہ بلوں میں سلو میٹر چارجز کے نام پر عوام سے پیسے بٹورنے کو غیر آئینی اور غیر قانونی قرار دیتے ہوئے عوام سے ماہانہ بلوں میں سلو میٹر چارجز نہ لینے کا حکم دیا تھا لیکن بلوچستان ہائی کورٹ کے حکم کے باوجود سوئی سدرن گیس کمپنی کی جانب سے ماہانہ بلوں میں سلو میٹر چارجز بھیجنے کا سلسلہ بدستور جاری ہے جو کہ عوام کے ساتھ سراسر نا انصافی ہے۔ انہوں نے سوئی سدرن گیس کمپنی کے حکام سے سوال کیا ہے کہ کیا آپ عوام کو اتنی گیس فراہم کر رہے ہیں جس سے میٹر تیز چلیں؟ اور ماہانہ بلوں پر سلو میٹر چارجز نہ لگے جب گیس ہی نہ ہو تو میٹر تیز کیسے چل سکتا ہے؟ انہوں نے کہا کہ سوئی سدرن گیس کمپنی کی جانب سے کوئٹہ کی عوام کو لوٹا جارہا ہے ہم وزیر اعلیٰ بلوچستان، چیف سیکریٹری بلوچستان، سوئی سدرن گیس کمپنی کے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کرتے ہیں کہ گیس بندش، پریشر میں کمی اور سلو میٹر چارجز کے مسئلہ کو جلد از جلد حل کیا جائے بصورت دیگر ہم احتجاج پر مجبور ہوں گے۔

شال بقیہ 50
کے ووٹ کے استعمال کو نہایت کلیدی قرار دیا اور شرکاء کو الیکشن کمیشن کے ساتھ عوامی آگاہی مہم میں شانہ بشانہ کام کرنے کی ترغیب دی۔ اس کے ساتھ اسلام آباد میں پلڈیٹ پاکستان کے زیر اہتمام نوجوانوں کی انتخابی عمل میں عدم شرکت کے موضوع پر ہونے والے ایک روزہ سیمینار میں ڈائریکٹر میڈیا الیکشن کمیشن کی قرۃ العین فاطمہ نے شرکاء اور سول سوسائٹی کو الیکشن کمیشن کی نوجوانوں کے حوالے سے آگاہی مہم کے بارے میں تفصیلات دیں اور بتایا کہ پچھلے ایک سال سے پورے ملک کی مختلف یونیورسٹیوں، کالجوں اور ہائیر سیکنڈری سکولوں میں اب تک الیکشن کمیشن 453 سٹوڈنٹس آگاہی ورکشاپس کا انعقاد کرا چکا ہے۔ حال ہی میں طالب علموں کے مابین ووٹ کے اہمیت کے حوالے سے ایک ملک گیر تصویری مقابلے کا انعقاد بھی کرایا گیا جس میں چاروں صوبوں سے 280 یونیورسٹیوں اور کالجوں کے طالب علموں نے شرکت کی۔

شال بقیہ 51
خطاب کرتے ہوئے نو منتخب کونسلر عطاء اللہ گولہ، میر عبدالحق خان مری، میر علی حیدر جمالی، سردار خان گولہ، کونسلر بہرام خان میرالی، کونسلر غلام یاسین کمہار، ایکا جعفر آباد کے صدر باجھی خان گاجانی، امام دین کنرانی، میر اللہ ریسانی، انجمن تاجران کے نائب صدر محمد انور ابڑو، عبدالحمید باجھی مل مزدور ایسوسی ایشن کے صدر عبدالرزاق خاراتی و دیگر نے کہا ہے کہ پاک فوج وطن عزیز کی ریڈ لائن ہے، پاک فوج نے ہمیشہ سرحدوں کی حفاظت کرتے ہوئے قوم کی خاطر اپنی جانیں قربان کیں، سیلاب ہو یا قدرتی آفات پاک فوج نے ہمیشہ کی طرح قوم کی مدد کی اور وطن کا دفاع کیا، اپنی سیاست کے لیے پاک فوج اور دفاعی اداروں پر ہرزہ سرائی کرنے والے بیرونی ایجنڈے پر عمل پیرا ہیں، قوم کسی صورت بھی ایسے عناصر کے بہکاوے میں نہیں آئے گی۔

شال بقیہ 52
میں کام کرنے والے افراد کے بارے میں معلومات حاصل کیں دورے کے دوران 2 کلینکس پر اتائی اور جعلی ڈاکٹر موجودگی پر فوری کارروائی کرتے ہوئے ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر لسبیلہ ڈاکٹر قمر رونجھو نے دونوں کلینکس کو سر بمہر کر دیا۔ اس موقع پر ڈاکٹر قمر رونجھو نے صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ کلینکس میں اتائی ڈاکٹروں کو انسانی زندگیوں سے کھیلنے کی کسی صورت اجازت نہیں دی جائے گی اور نہ ہی غیر معیاری ادویات کے استعمال کو برداشت کیا جائے گا۔ اس حوالے سے ڈپٹی کمشنر لسبیلہ مراد خان کاسی نے بھی محکمہ صحت لسبیلہ کو ہدایات جاری کی ہیں کہ اتائی ڈاکٹروں کے خلاف سخت سے سخت کارروائی کی جائے۔ ڈاکٹر قمر رونجھو نے کہا کہ صحت کا شعبہ انتہائی حساس ہے اس کو اتائی ڈاکٹروں کے سپرد نہیں کیا جاسکتا اور نہ ہی قیمتی انسانی زندگیوں سے کسی کو کھیلنے دیا جائے گا۔

شال بقیہ 53
کا جائزہ لیا۔ اسسٹنٹ کمشنر نے اساتذہ کی حاضریاں چیک کیں اور مختلف کلاسوں کا وزٹ بھی کیا اس موقع پر انہوں بوائز ہائی سکول بغاو میں زیر تعمیر عمارت کا جائزہ لیا۔ سکولوں کو درپیش مختلف مسائل کا بھی جائزہ لیا اور اساتذہ کو ہدایت کی کہ وہ اپنی حاضری کو ہر صورت یقینی بناتے ہوئے تدریس جیسے مقدس فریضے کو دل و جان سے بہتر انداز میں پورا کرنے کی کوشش کریں۔ بند سکولوں میں بوائز پرائمری سکول ملک لعل محمد، گرلز مڈل سکول ڈاکٹر مجید بغاو، ملک کریم بوائز پرائمری بغاو شامل ہیں۔ اسسٹنٹ کمشنر نے بند سکولوں کے حوالے سے شدید برہمی کا اظہار کیا سکولوں کے بندش کے خلاف رپورٹ ارسال کردی۔

شال بقیہ 54
میں تعلیم پر کوئی توجہ نہیں دیتے ہیں جو کہ ہمارے آنے والے نسل کیلئے لمحہ فکریہ ہیں انہوں نے کہا کہ بی آر سی کالج کے زمین کا جو مسئلہ تھا وہ بھی حل ہو چکا ہیں ہیں اب ٹھیکدار سے گزارش ہے کہ وہ اپنا کام ہنگامی بنیادوں پر شروع کر کے کالج کو پایہ تکمیل تک پہنچائے تاکہ نظام تعلیم شروع ہو سکے اور ہمارے غریب طالب علم دوسرے شہروں کے بجائے اپنے گھر میں بیٹھ کر تعلیم حاصل کر سکے انہوں نے وفاقی وزیر تعلیم وزیر اعلیٰ بلوچستان وزیر تعلیم سے پر زور مطالبہ کیا ہے بی آر سی کالج قلات کے تعمیراتی کاموں کا جائزہ لے کر جلد از جلد اس کو مکمل کیا جائے۔

شال بقیہ 55
عوام کا جینا مشکل بنا دیا سبی شہر میں ٹماٹر 200 روپے کلو سے 300 روپے تک، سبز مرچ، شملہ مرچ 300، مٹر 250 لیموں 200 روپے کلو، اورک 400 سو روپے کلو، کدو 120 روپے کلو پیاز 200 روپے، مولی گاجر 50 سے 80 روپے لہسن 400 روپے، آلو نیا 100 روپے سیب 250 روپے، انگور 400 روپے سمیت دیگر اشیا مہنگے داموں فروخت ہو رہی ہیں پرائس کنٹرول مجسٹریٹ اس مافیا کے سامنے بے بس نظر آرہی ہے روزانہ کی بنیاد پر پرائس لسٹ شائع نہ کرنے سے من مرضی قیمتیں وصول کی جارہی ہیں شہریوں نے ڈپٹی کمشنر سبی کمشنر سبی ڈویژن سے اپیل کی ہے قیمتوں کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے پرائس لسٹ آویزاں کرائی جائیں اور قیمتوں میں کمی کو یقینی بنائی جائے۔

شال بقیہ 56
رحم تھے۔ اس کے علاوہ شہر کے اطراف میں خاص کر نیو آبادی، کاکڑ ٹاؤن، توحید آباد، اسلامیار محلہ اور خروٹ آباد کی گلیاں تو کسی کے سوچ و فکر میں نہیں تھے۔ کیونکہ اس وقت مایوسی کا عالم تھا اور شہر پر موسمی پرندوں کا راج تھا۔ اس بار منتخب نمائندہ نے انتخابی مہم میں عوام سے جو وعدے کیے تھے۔ وہ تمام وعدے پورے کیے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شہر میں ریکارڈ ترقیاتی منصوبوں پہ کام جاری ہے۔ جسکی وہ خود نگرانی کر رہے ہیں۔ ہمارے توحید آباد بلکہ پورے نیو آبادی کی تمام گلیوں اور نالیوں کو پختہ بنا رہا ہیں۔ شہر میں جاری ترقیاتی منصوبوں کی معیاری تکمیل کو یقین بنانے کیلئے ان منصوبوں کا مسلسل کڑی نگرانی کر رہے ہیں۔

شال بقیہ 57
نیم کمبرانی، جنرل سیکرٹری الٰہی بخش مینگل، جوائنٹ سیکرٹری میران مری، لائبریرین فضل جتک، فنانس سیکرٹری عبدالرحمن میرجت، چیئرمین ایگزیکٹو کمیٹی عامر جلیل بلوچ، ممبرز حکمت اللہ خلجی اور محمد سلیم گسی ایڈووکیٹس اور جملہ ممبران نے اپنے ایک تعزیتی بیان میں لسبیلہ بار کے ممبر بشیر احمد لانگو کے بڑے بھائی کی ناگہانی وفات پر گہرے غم اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہیں ہم دکھ کی اس گھڑی میں غمزدہ خاندان کے ساتھ برابر شریک ہیں۔

شال بقیہ 58
کے مطابق گزشتہ دو سال سے قلات شہر گرانی اور گرد و نواح میں گیس بلکل غائب ہے دوسری جانب موسم دن بدن سرد ہوتا جارہا ہے جبکہ علاقہ مکینوں نے کہا کہ سرد موسم کے باعث بچے اور بوڑھے ٹائیفائیڈ اور دوسرے امراض میں مبتلا ہو رہے ہیں جبکہ صبح اور رات گئے تک گیس نہ ہونے کی وجہ سے خواتین کو امور خانہ داری میں شدید پریشانی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے لکڑی نہ ہونے اور دیگر متبادل زرائع نہ ہونے کی وجہ سے روٹیاں نہیں پکائے جاسکتے لوگ ایل پی جی سلنڈر یا مہنگے داموں لکڑیاں خرید کر کھانا پکانے پر مجبور ہیں۔

شال بقیہ 59
آگاہ ہے ایکسین ایریگیشن کینال عبدالجبار زہری نے کہا کہ حب کینال کے شگاف کی مرمت کا کام جلد از جلد شروع کیا جائیگا۔

TENDER NOTICE

The ASSISTANT DIRECTOR LOCAL GOVT KHUZDAR invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2022 based on Composite schedule rates 2018 on Percentage Rates TSE-222311147493

S.No	Name of Work/s	Estimated Cost	Tender Fee	Bid Security
1	CONST: OF TUFF TILE & SEWERAGE SYSTEM DHAGH SHAH NOORANI KHUZDAR DIST KHUZDAR	10,000,000	2,000 PKR	2%

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List. The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required. The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 7,000,000 PKR Amount in2 subsequent previous years showing financial capacity of the firm. **Procedure Of Procurement:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure. **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Deposit at Call** of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed **2,000 PKR Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to **25 November, 2022** during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by **25 November, 2022** till **11:00 AM**. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under- signed at **12:00 PM Address:** assistant director office khuzdar **Phone no:** 0848412571
Email: kashifamar@yahoo.com

ASSISTANT DIRECTOR LOCAL GOVT KHUZDAR

PRQ No.952/11-11-2022

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

VACANCY ANNOUNCEMENT

Applications are invited from the Candidates having Local / Domicile of District Awaran for the following posts. Only those Candidates are eligible to apply who fulfill the requirements i.e age, Educational Qualification, experience and skills mentioned for the posts. Initially the appointment will be on probation for a period of one year.

S.No:	Name of Post & Grade	Number of Post(s)	Age limit	Minimum Qualification Experience & Skills
1	Accountant (BPS-15)	01	18 to 30 Years	B. Com/ B.A Economics
2	Junior Clerk (BPS-11)	02	18 to 30 Years	Intermediate with MS-Office

Interested Candidates should send their Application Forms along with attested five (05) recent passport size photographs, attested copy of CNIC along with copies of Educational and experience Certificates and Character Certificates from atleast two Gazetted Officers. Candidates applying through proper channel must attach departmental NOC with application. The undersigned reserves the right not to fill any vacancy or to fill more or less than the number of vacancies announced. Last date for submission of application is 25th **November 2022 (during office hours)**. Incomplete and late submitted application will not be considered. The appointments will be made as per Balochistan District Judiciary Staff Service Rules 2021. The eligible Candidates will be allowed for written test / interview. No TA/DA will be admissible.

DISTRICT & SESSIONS JUDGE AWARAN

PRQ No.961/11-11-2022

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

عوام کو صحت اور تعلیم کی بہترین سہولیات کی فراہمی اولین ترجیحات میں شامل ہے، چیف سیکرٹری بلوچستان

شعبوں کو بہتر بنانے کے لیے صوبائی حکومت ہنگامی بنیادوں پر اقدامات اٹھا رہی ہے

جلد ہی صوبے بھر کے عوام کو طبی سہولیات کی فراہمی ان کی دہلیز پر مہیا ہو جائیں گے، چیف سیکرٹری بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) صوبے کے عوام کو صحت اور تعلیم کی بہترین سہولیات کی فراہمی صوبائی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے اور ان شعبوں کو بہتر بنانے کے لیے صوبائی حکومت ہنگامی بنیادوں پر اقدامات اٹھا رہی ہے اور جلد ہی صوبے بھر کے عوام کو طبی سہولیات کی فراہمی ان کی دہلیز پر مہیا ہو جائیں گے۔ ان خیالات کا اظہار چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی نے صوبے میں ہیلتھ آن ویلز (Health on Wheels) کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں بہت سے لوگ اب بھی غربت کی لکیر سے نیچے زندگی گزار رہے ہیں اور ان لوگوں کو صحت کی سہولیات کی فراہمی اشد ضروری ہے، چیف سیکرٹری نے کہا کہ صوبے کو صحت اور تعلیم میں مزید بہتری لانے اور بہترین طبی بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو سابق وفاقی وزیر سردار عمر گورگیج سے ان کے صاحبزادے کی وفات پر تعزیت وفاتحہ خوانی کر رہے ہیں

پاک فوج وطن عزیز کی ریڈ لائن ہے، کونسلر عطاء اللہ گولہ

پاک فوج نے ہمیشہ سرحدوں کی حفاظت کرتے ہوئے قوم کی خاطر اپنی جانیں قربان کیں

ڈیرہ اللہ یار (این این آئی) ڈیرہ اللہ یار میں نو منتخب کونسلر عطاء اللہ گولہ کی جانب سے پاک فوج کی حمایت میں شاندار ریلی نکالی گئی، ریلی میں نو منتخب کونسلرز شہریوں اور سول سوسائٹی کے افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی، شرکاء نے ہاتھوں میں سبز ہلالی پرچم اٹھا رکھے تھے ملی نغموں اور قومی ترانوں کے ساتھ پاک فوج کے حق میں فلک شگاف نعرے لگائے گئے، ریلی سرکٹ ہاؤس سے نکل کر شہر کے مختلف راستوں سے مارچ کرتی ہوئی مزدور چوک پر پہنچی جہاں پر شرکاء سے بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر

ڈاکٹر قمر رونجھو نے جعلی ڈاکٹروں کے خلاف کارروائی شروع کردی

انسانی جانوں سے کھیلنے کی کسی کو اجازت نہیں دی جائے گی، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر لسبیلہ

اوتھل (نامہ نگار) ڈاکٹر قمر رونجھو نے جعلی ڈاکٹروں کے خلاف کارروائی شروع کردی، عوام میں خوشی کی لہر، ضلع لسبیلہ کے صدر مقام اوتھل میں دو کلینکس کو سربمہر کردیا، نان سرٹیفائیڈ و نان کوالیفائیڈ اتائیوں کو کلینکس چلانے اور انسانی جانوں سے کھیلنے کی کسی کو اجازت نہیں دی جائے گی۔ ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر لسبیلہ ڈاکٹر قمر رونجھو نے ڈپٹی کمشنر لسبیلہ کی ہدایت پر ضلعی ہیڈ کوارٹر اوتھل میں مختلف کلینکس کا دورہ کیا وہاں پر صفائی ستھرائی کے نظام کو چیک کیا جبکہ کلینک بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر

صوبائی سیکرٹری انڈسٹریز عابد سلیم ایس ایم ای پالیسی 2021 کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

عبدالقیوم شنواری نے آنے والے انتخابات میں خواتین کے ووٹ کے استعمال کو نہایت کلیدی قرار دے دیا

کوئٹہ (این این آئی) جوائنٹ صوبائی الیکشن کمشنر بلوچستان عبدالقیوم شنواری نے سردار بہادر خان ویمن یونیورسٹی کوئٹہ میں طالبات، فیکلٹی اور سول سوسائٹی سے خطاب کرتے ہوئے آنے والے انتخابات میں خواتین بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر

خلیل جارج کی قیادت میں آج پاک افواج تیری عظمت کو سلام کے عنوان سے ریلی نکالی جائے گی

کوئٹہ (این این آئی) مشیر برائے اقلیتی امور خلیل جارج کی قیادت میں آج (ہفتہ) کو دوپہر تین بجے ایئرپورٹ چوک نزد واپڈا آفس سے ''پاک افواج تیری عظمت کو سلام'' کے عنوان سے ریلی نکالی جائے گی جو ایئرپورٹ روڈ، عالم چوک، زرغون روڈ سے ہوتی ہوئی جی پی او چوک پہنچے گی جہاں ریلی کے شرکاء سے مشیر برائے اقلیتی امور خلیل جارج اور دیگر مقررین خطاب کریں گے۔

اسسٹنٹ کمشنر سنجاوی اسفندیار خان کا یوسی بغا میں سرکاری سکولوں کا اچانک دورہ

سنجاوی (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر سنجاوی اسفندیار خان کا یو سی بغا میں سرکاری سکولوں کا اچانک دورہ جہاں پر تین سکول مکمل بند پائے گئے اسسٹنٹ کمشنر نے دورے کے موقع پر گورنمنٹ بوائز ہائی سکول بغاو، بوائز پرائمری سکول نذر محمد، اور بوائز پرائمری سکول چکی کا اچانک دورہ کیا درس و تدریس کے عمل بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر

کوئٹہ شہر کو اگر مسائل کا گڑھ کہا جائے تو غلط نہیں ہوگا، کاشف حیدری

گیس بندش، پریشر میں کمی اور سلو میٹر چارجز کے مسئلہ کو جلد از جلد حل کیا جائے

سوئی سدرن گیس کمپنی عوام کو لوٹنے پر تلی ہوئی ہے، سماجی رہنماء

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ کے علاقے ہزارہ ٹاؤن کے سماجی رہنماء کاشف حیدری نے کہا ہے کہ کوئٹہ شہر کو اگر مسائل کا گڑھ کہا جائے تو غلط نہیں ہوگا، موسم گرما میں پانی کی قلت، بجلی کی لوڈشیڈنگ جبکہ سردیوں میں گیس کی لوڈشیڈنگ اور گیس پریشر کی کمی کی وجہ سے عوام کی زندگیاں عذاب بنائی جاتی ہیں جو کہ سراسر ظلم کے مترادف ہے، سوئی سدرن گیس کمپنی عوام کو لوٹنے پر تلی ہوئی ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان، چیف سیکرٹری بلوچستان، سوئی سدرن گیس کمپنی کے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کرتے بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر

کوئٹہ میں نرگس بلوچ کو قتل کرنے والے اسکے شوہر گرفتار کرلیا گیا ہے، نوید عالم

جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) ایس پی صدر ڈویژن نوید عالم نے کہا ہے کہ کوئٹہ میں پاکستان تحریک انصاف کی رہنما نرگس بلوچ کو قتل کرنے والے اسکے شوہر گرفتار کرلیا گیا ہے۔ یہ بات انہوں نے جمعہ کو ایس پی سریاب ڈویژن شعیب مسعود، اے ایس پی صدر ڈویژن عدیل اکبر ایس ایچ او ایئرپورٹ پولیس اسٹیشن عبدالحئی بلوچ اور انوسٹی گیشن آفیسر سعود خان کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان تحریک انصاف ویمن ونگ کی رہنما نرگس کے قتل میں بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر

کلچر ڈائریکٹریٹ کو متنازعہ بنانے کی تمام کوششیں ہر صورت ناکام بنادی جائے گی، داؤد ترین

کلچر ڈائریکٹوریٹ کو کسی صورت پریشر اور بلیک میلنگ گروپ کے ہاتھوں یرغمال نہیں بننے دیا جائے گا

کوئٹہ (این این آئی) ڈائریکٹریٹ آف کلچر کے ڈائریکٹر داؤد ترین نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا گیا ہے کہ آپکا عہدیداران ڈائریکٹوریٹ کے ملازمین کو یرغمال بنا کر اپنے مذموم مقاصد اور ہتھکنڈوں کے لئے استعمال کر رہے ہیں۔ ڈائریکٹر یٹ ملازمین کے سروس رولز کے مطالبے کو قانون کے دائرے میں رہ کر من وعن تسلیم کیا گیا لیکن اس کے باوجود ہڑتال جاری رکھنا یہ واضح کرتا ہے کہ ان کا مقصد اپنے مطالبات منوانا نہیں بلکہ اپکا عہدیداران کے ہاتھوں بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر

بلوچستان میں تقریباً دو لاکھ گھر مکمل تباہ ہوگئے ہیں ان کی تعمیر نو کرنے کی اشد ضرورت ہے، غفور آغا

ہم اپنے محدود وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے اقدامات اٹھا رہے ہیں، ڈپٹی ڈائریکٹر پی ڈی ایم اے

کوئٹہ (این این آئی) المعد اسلامک یونیورسٹی ایئرپورٹ روڈ کوئٹہ میں بلوچستان کی تعمیر نو، بنیادی ڈھانچے پر سرمایہ کاری اور شہری منصوبہ بندی کے موضوع پر کانفرنس کا انعقاد کیا گیا کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے سیکرٹری ٹاؤن پلاننگ سیف الرحمن ڈپٹی ڈائریکٹر پی ڈی ایم اے غفور آغا اور دیگر مقررین نے بڑھتی ہوئی آبادی وقدرتی آفات کے نتیجے میں پیش آنے والے مسائل اور ان کے حل کیلئے جامع منصوبہ بندی کی ضرورت پر زور دیا۔ کوئٹہ شہر میں بڑھتے ہوئے بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر

ژوب سیاست کا محور ہے، جماعت علمائے کی سیاسی پیداوار ژوب سے ہوئی ہے، مولانا عبدالواسع

جمعیت علمائے اسلام ایک زنجیر کی مانند ہے، جبکہ چند عناصر جماعت کو تقسیم کرنے کی ناکام کوشش کر رہے ہیں

ژوب (نامہ نگار) جمعیت علمائے اسلام ژوب شیرانی کے زیر اہتمام تربیتی کنونشن سے صوبائی امیر وفاقی وزیر ہاؤسنگ مولانا عبدالواسع، ایم این اے کمال الدین، ایم این اے آغا محمود شاہ، حاجی غوث اللہ، رکن اسمبلی حاجی نواز خان کاکڑ، رکن اسمبلی عزیز اللہ آغا، عبدالخالق، ضلعی امیر مولوی سرور کاکڑ، مولوی اللہ داد کاکڑ، مولوی ضیاء الدین قریشی، حاجی محمد حسن شیرانی، مولوی آدم خان العون، مولوی سلطان شاہ مندوخیل ودیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عرصہ 25 سالوں بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر

چیف آفیسر میونسپل خضدار وڈیرہ محمد صالح جاموٹ کی کارکردگی قابل فخر ہے

خضدار میں صفائی اور ستھرائی کا کام پہلے نہ ہونے کے برابر تھا، نصر اللہ شاہوانی

خضدار (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی ضلع خضدار کے انفارمیشن سیکرٹری نصر اللہ شاہوانی نے اپنے ایک جاری کردہ بیان میں چیف آفیسر میونسپل خضدار وڈیرہ محمد صالح جاموٹ کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ جب سے وڈیرہ محمد صالح جاموٹ نے چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن خضدار کی منصب سنبھالا ہے خضدار سٹی میں بہت بہتر انداز اور تیزی کے ساتھ اپنی ذمہ داریاں نبھا رہے ہیں یہ خضدار کے عوام کی خوش قسمتی ہے کہ میں اس پی کارپوریشن خضدار کو ایک قابل اور فرض شناس چیف بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر

سعودی ولی عہد کا دورہ پاکستان رواں ماہ متوقع ہے، ثمینہ ممتاز زہری

سعودی عرب اور پاکستان میں دیرینہ برادرانہ تعلقات ہیں۔ دونوں ممالک اسلام کے مضبوط اور اہم قلعے تصور کیے جاتے ہیں

دونوں برادر ممالک کی حکومتیں اور عوام ایک دوسرے کے ساتھ مضبوط دوستانہ اور برادرانہ رشتوں میں بندھے ہوئے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کی نائب صدر سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے کہا کہ سعودی عرب اور پاکستان میں دیرینہ برادرانہ تعلقات ہیں۔ دونوں ممالک اسلام کے مضبوط اور اہم قلعے تصور کئے جاتے ہیں اور دونوں برادر ممالک کی حکومتیں اور عوام ایک دوسرے کے ساتھ مضبوط دوستانہ اور برادرانہ رشتوں میں بندھے ہوئے ہیں۔ ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان کا متوقع دورہ پاکستان نہایت اہمیت کا حامل ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے ایک بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان کا دورہ پاکستان رواں ماہ متوقع ہے۔ ہم سعودی ولی عہد کے متوقع دورہ پاکستان کو خوش آمدید کہتے ہیں اور امید کرتے ہیں کہ یہ دورہ پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان جڑے رشتوں کو اور بھی مضبوط بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

قائمقام گورنر بلوچستان میر جان محمد خان جمالی سے بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنماء ڈاکٹر نواز خان ناصر ملاقات کررہے ہیں

کوئٹہ میں پولیس کی کارروائی قتل کے کیس میں مطلوب ملزم گرفتار پستول برآمد

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں پولیس کی کارروائی قتل کے کیس میں مطلوب ملزم گرفتار پستول برآمد کر لی گئی۔ پولیس کے مطابق 7 نومبر کو کوئٹہ کے نواحی علاقے ہنہ اوڑک سے ایک نامعلوم شخص کی بوری بند لاش ملی تھی بعدازاں شناخت بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر

نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی کی مختلف شخصیات کی وفات پر تعزیت وفاتحہ خوانی

کوئٹہ (این این آئی) نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی کی مختلف شخصیات کی وفات پر تعزیت وفاتحہ خوانی، گزشتہ روز سینئر سیاستدان وسابق سینیٹر نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنماء ممتاز ادیب ودانشور راحت ملک، آغا حسن احمدزئی اور حاجی محمد انور سومرو کے انتقال پر ان کی رہائش گاہوں پر جا کر پسماندگان سے تعزیت کا اظہار کرتے بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر

اسسٹنٹ کمشنر حب سید سمیع اللہ کا ایگریکلچر مارکیٹ کمیٹی لسبیلہ لیویز اور ٹریفک پولیس کے ہمراہ حب بازار کا دورہ

اوتھل (نامہ نگار) اسسٹنٹ کمشنر حب سید سمیع اللہ نے ایگریکلچر مارکیٹ کمیٹی لسبیلہ لیویز اور ٹریفک پولیس کے ہمراہ حب بازار کا دورہ کیا اس دوران ناجائز تجاوزات قائم کرنے پر دو دکانوں کو سیل کردیا۔ اسسٹنٹ کمشنر حب نے اپنی سربراہی میں پرائس کنٹرول کمیٹی اور ایگریکلچر مارکیٹ کمیٹی لسبیلہ کی جانب سے سبزی اور پھلوں کی نئی مرتب کی گئی پرائس لسٹ کو تقسیم کروایا اس دوران بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر

حکومت فیزیوتھراپسٹس کے مطالبات تسلیم کریں، رحیم آغا

بلوچستان میں اس وقت تعلیم یافتہ طبقے کو سب سے زیادہ بیروزگاری کا سامنا ہے

کوئٹہ (این این آئی) انجمن تاجران بلوچستان صدر رحیم آغا نے کہا ہے کہ فیزیوتھراپسٹس کے تمام مطالبات جائز ہیں اور پانچ مہینے سے علامتی بھوک ہڑتالی کیمپ لگایا ہوا ہے آج چار دن سے فیزیوتھراپسٹس بھوک ہڑتال پر بیٹھے ہوئے ہیں اور انکی حالت غیر ہوتی جارہی ہیں اور حکومت ٹس سے مس نہیں ہو رہی ہے۔ انجمن تاجران بلوچستان کے جنرل سیکرٹری عمران ترین، منظور ترین، فیض محمد داوی، مالک اچکزئی، بسم اللہ ترین، فیض افغان، امان اللہ اور دیگر عہدیداروں نے بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر

تحریک نفاذ فقہ جعفریہ بلوچستان کے صدر انجینئر ہادی عسکری پیپلز پارٹی میں شامل ہوگئے

صوبہ بلوچستان کی ترقی خوشحالی کیلئے پیپلز پارٹی کی تاریخی خدمات ہیں، سیکرٹری جنرل پیپلز پارٹی

اسلام آباد (این این آئی) تحریک نفاذ فقہ جعفریہ بلوچستان کے صدر انجینئر ہادی عسکری پیپلز پارٹی میں شامل ہوگئے۔ پاکستان پیپلز پارٹی کے اہم رہنماؤں کا اجلاس ہوا جس میں سیکرٹری جنرل پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز فرحت اللہ بابر، صوبائی صدر بلوچستان میر چنگیز جمالی، سیکرٹری اطلاعات سربلند جوگیزئی انچارج سیکرٹریٹ سید سبط الحیدر بخاری نے شرکت کی۔ تحریک نفاذ فقہ جعفریہ بلوچستان کے صدر انجینئر ہادی عسکری پیپلز پارٹی میں شامل ہوگئے۔ پاکستان پیپلز پارٹی کے سیکرٹری جنرل سید نیر بخاری اور پی پی پی کے سیکرٹری جنرل فرحت اللہ بابر نے ہادی عسکری کو خوش آمدید کہا۔

چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی اور سیکرٹری صحت حافظ طاہر صوبے میں ہیلتھ آن ویلز پروگرام کا افتتاح کر رہے ہیں

پی ایف یو جے کا ارشد شریف قتل کیس میں فریق بننے کا فیصلہ

ریاست صحافیوں کیخلاف تشدد روکنے، احتساب یقینی بنانے کے اقدامات کرے

جرائم کے مرتکب افراد کو انصاف کے کٹہرے میں لانے کی کوشش کی جائے، مطالبہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان فیڈرل یونین آف جرنلسٹ (پی ایف یو جے) نے صحافی ارشد شریف قتل کیس میں باضابطہ طور پر فریق بننے کا فیصلہ کرلیا۔ ارشد شریف پر انسانیت سوز تشدد کی تصاویر اور رپورٹس پر پی ایف یو جے نے کمیٹی بنادی۔ یونین کی جانب سے جاری اعلامیہ کے مطابق پی ایف یو جے وفد نے ارشد شریف کی والدہ، اہلیہ اور بچوں سے تفصیلی ملاقات جس کے بعد تشکیل دی گئی۔ پی ایف یو جے کے صدر افضل بٹ کمیٹی کے سربراہ ہوں گے۔ کمیٹی میں ارشد انصاری، لالہ اسد پٹھان، عابد عباسی اور انور رضا شامل ہیں۔ پی ایف یو جے نے 2 نومبر کو صحافیوں کیخلاف تشدد کے عالمی دن کو شہید ارشد شریف کے نام کیا تھا۔ پی ایف یو جے کی جانب سے ریاست پاکستان سے مطالبہ کیا گیا ہے کہ صحافیوں کیخلاف تشدد کو روکنے، احتساب یقینی بنانے کے اقدامات کرے اور جرائم کے مرتکب افراد کو انصاف کے کٹہرے میں لانے کی کوشش کرے۔

سابق ادوار میں ضلع کچھی کو تعلیمی میدان میں محروم رکھا گیا ہے، سردار یار محمد رند

خطیر رقم کے پروجیکٹ سے ضلع کچھی میں زیر تعمیر بوائز اور گرلز ڈگری کالج اور ہاسٹل تعمیر کے آخری مراحل میں ہے جس سے ضلع میں تعلیمی انقلاب برپا ہوگا

سابق ادوار میں ضلع کچھی کو تعلیم سے محروم رکھا گیا جس کی وجہ سے ضلع میں تعلیمی پسماندگی کی شرح میں اضافہ ہوا، سینئر سیاستدان رکن صوبائی اسمبلی

بولان (این این آئی) سینئر سیاستدان رکن صوبائی اسمبلی سردار یار محمد رند نے کہا ہے کہ سابق ادوار میں ضلع کچھی کو تعلیمی میدان میں محروم رکھا گیا، خطیر رقم کے پروجیکٹ سے ضلع کچھی میں زیر تعمیر بوائز اور گرلز ڈگری کالج اور ہاسٹل تعمیر کے آخری مراحل میں ہے جس سے ضلع میں تعلیمی انقلاب برپا ہوگا ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈھاڈر میں زیر تعمیر ڈگری کالج بوائز گرلز دورے کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر سردارزادہ میر بہرگ رند، وڈیرہ علی احمد رند، میر قطب الدین جتوئی، وڈیرہ تاجل رند، کونسلر وڈیرہ گلشیر رند اور دیگر عمائدین اور معززین بھی کثیر تعداد میں ہمراہ تھے۔ سینئر سیاستدان رکن صوبائی اسمبلی سردار یار محمد رند نے ڈھاڈر میں گرلز کالج ہاسٹل بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر

PDM ملک میں آئین کی بالادستی چاہتی ہے، حافظ حمد اللہ

قوتیں ملک میں آئین کو اہمیت نہیں دیتے انکے باعث ماضی میں ملک میں سیاسی انتشار سیاسی بحران اور عدم استحکام نے جنم لیا

ملک میں ائین قانون اور پارلیمان کی بالادستی قائم نہیں کی گئی تو ملک میں جمہوریت ایک مذاق بن سکتا ہے، حافظ حمد اللہ

لورالائی (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی رہنماء پی ڈی ایم کے ترجمان اور سابق سینیٹر حافظ حمد اللہ نے ژوب اور لورالائی میں جماعتی احباب اور میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ پی ڈی ایم ملک میں آئین کی بالادستی چاہتی ہے جو قوتیں ملک میں آئین کو اہمیت نہیں دیتے انکے باعث ماضی میں ملک میں سیاسی انتشار سیاسی بحران اور عدم استحکام نے جنم لیا۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں ائین قانون اور پارلیمان کی بالادستی قائم نہیں کی گئی تو ملک میں جمہوریت ایک مذاق بن سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ قائد جمعیت و پی ڈی ایم کے سربراہ مولانا فضل الرحمان کی کوششوں سے وزیر اعظم شہباز شریف کی منظوری سے وزارت خزانہ نے وفاقی شرعی عدالت کے فیصلے کے خلاف اسٹیٹ بنک اور نیشنل بنک کے جانب بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر

کوئٹہ، نیشنل پروگرام برائے لیڈی ہیلتھ ورکرز بلوچستان کے کوارڈی نیٹر ڈاکٹر سمیع کاکڑ یونیسف کے تعاون سے ماں اور بچے کی صحت کا ہفتہ منانے کے حوالے سے تیاریوں کا جائزہ لینے کیلئے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

قلات بی آر سی کالج کے تعمیراتی کاموں کو جلد از جلد مکمل کیا جائے، نیشنل پارٹی قلات

قلات جیسے پسماندہ علاقے تعلیم جیسے زیور سے محروم ہیں

مستقبل کے معماروں کو تعلیم جیسے زیور سے آراستہ کیا جائے، ضلعی رہنماؤں کا بیان

قلات (نامہ نگار) نیشنل پارٹی کے سینئر رہنماء مقبول گل محمد شہی نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے بی آر سی کالج قلات کے تعمیراتی کام کو جلد از جلد شروع کر کے تعمیراتی کام مکمل کیا جائے تاکہ ضلع قلات گرد ونواح کے غریب اور ہونہار طالب علم تعلیم جیسے زیور سے آراستہ ہو سکے انہوں نے کہا کہ ضلع قلات پہلے سے تعلیمی لحاظ سے بہت پسماندہ ہیں قلات میں تعلیم جیسے زیور سے ہمارے نوجوان نسل محروم ہو گئے ہیں افسوس کہ ہمارے عوامی نمائندے اپنے حلقوں بقیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر

سبی مہنگائی کا جن بے قابو پرائس کنٹرول کمیٹی کے دعوے دھرے کے دھرے

سبی (نامہ نگار) مہنگائی کا جن بے قابو ہوگیا ہے حکام کے مہنگائی کنٹرول کرنے کے دعوے دھرے کے دھرے رہ گئے ہیں، عوام مہنگے داموں سبزی اور فروٹ خریدنے پر مجبور ہیں مافیا نے من مرضی کے ریٹ مقرر کر رکھے ہوئے ہیں، غریب اور متوسط طبقے کی معاشی مشکلات میں روز بروز اضافہ ہو رہا ہے اور لوگ فاقوں کی زندگی گزارنے پر مجبور ہوگئے ہیں شہری مہنگے داموں میں سبزی پھل اور اجناس خریدنے پر مجبور ہیں، مافیا نے مارکیٹ کمیٹی نرخوں کے بجائے من مرضی کے ریٹ مقرر کر کے بقیہ نمبر 55 صفحہ 3 پر

اوتھل، پاکستان کوسٹ گارڈ نے ڈھینی کے علاقے شادی کور سے 900 کلوگرام برآمد شدہ حشیش میڈیا کے سامنے پیش کیا جا رہا ہے

گرانفروش کسی رعایت کے مستحق نہیں ان کے ساتھ سختی سے نمٹا جائے گا، عبدالحمید کورائی

ڈیرہ بگٹی (نامہ نگار) اسسٹنٹ کمشنر سوئی عبدالحمید کورائی کی خود ساختہ مہنگائی کرنے والوں کے خلاف ایکشن دودھ، سبزی، چکن اور گوشت مہنگا فروخت کرنے پر مختلف دکانوں کو ہزاروں روپے جرمانہ اور کچھ کو وارننگ دیا گیا اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر سوئی عبدالحمید کا کہنا تھا کہ گرانفروش کسی رعایت کے مستحق نہیں ان کے ساتھ سختی سے نمٹا جائے گا، سرکاری نرخ سے زائد وصول کرنے والے اپنا قبلہ درست کرلیں مصنوعی مہنگائی کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی

ڈی جی نیب لاہور کا تبادلہ، اسلام آباد رپورٹ کرنے کی ہدایت

امجد مجید کو ڈی جی نیب لاہور کا اضافی چارج دے دیا گیا، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) حکومت نے ڈائریکٹر جنرل نیب لاہور کو تبدیل کر دیا اس سلسلے میں جاری نوٹیفکیشن کے مطابق ڈی جی نیب لاہور مرزا سلطان محمد سلیم کو تبدیل کر دیا گیا ہے اور انہیں نیب اسلام آباد رپورٹ کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق امجد مجید کو ڈی جی نیب لاہور کا اضافی چارج دے دیا گیا، امجد مجید نیب لاہور میں 20 گریڈ کے ڈائریکٹر ہیں۔

حاجی میٹھا خان کاکڑ نے قومیت لسانیت سے بالاتر ہو کر عوام کی خدمت کی ہے

ژوب (نامہ نگار) جمعیت علماء اسلام نظریاتی توحید آباد کے امیر ولی داد باتوزئی، شمس ترابی محب اللہ، مسلم جان اللہ میر کاکڑ، حافظ شمس رحمان اور ضلعی ترجمان ولی خان غوریزی نے ایک مشترکہ بیان کرتے ہوئے کہا کہ ژوب شہر میں تاریخی ترقیاتی کاموں پر ہم منتخب نمائندہ حاجی میٹھا خان کاکڑ کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ موجودہ نمائندہ کے کامیابی سے پہلے ژوب شہر کھنڈرات کا منظر پیش کر رہا تھا۔ ہر طرف مسائل ہی مسائل تھے۔ شہر کے تمام روڈ قابل بقیہ نمبر 56 صفحہ 3 پر

شیخوپورہ، کمسن ملازمہ پر مالکن و دیگر اہلخانہ کا مبینہ تشدد

پولیس نے بچی کو بازیاب کراکے بااثر شخص کو حراست میں لیکر تفتیش شروع کردی

شیخوپورہ (این این آئی) پنجاب کے شہر شیخوپورہ میں کمسن گھریلو ملازمہ کو مالکن اور اہلخانہ کے دیگر افراد نے مبینہ تشدد کا نشانہ بنا دیا۔ نجی ٹی وی کے مطابق شیخوپورہ کے علاقے سول لائنز تھانہ سٹی اے ڈویژن کی حدود میں 6 سالہ گھریلو ملازمہ پر مالکن اور دیگر ملازمین کی جانب سے مبینہ تشدد کیا گیا، پولیس نے اطلاع ملنے پر بچی کو بازیاب کروالیا۔ ذرائع کے مطابق پولیس نے بااثر شخص کو حراست میں لے کر مزید تفتیش شروع کر دی ہے۔

حب ایکسن ایریگیشن کینال نے سوشل میڈیا پر لسبیلہ کینال سے متعلق وائرل ویڈیو پر ایکشن لے لیا

پانی کا لیول کم ہوتے ہی حب کینال کا بحالی کا کام جلد شروع کیا جائیگا، عبدالجبار زیری

حب (نمائندہ خصوصی) حب ایکسن ایریگیشن کینال نے سوشل میڈیا پر لسبیلہ کینال سے متعلق وائرل ویڈیو پر ایکشن لے لیا۔ تفصیلات کے مطابق حب ایکسن ایریگیشن حب عبدالجبار زیری نے حب کینال کی سوشل میڈیا پر متعلق وائرل ہونے والے ویڈیو پر ایکشن لے لیا ہے بھاری مشینری سائٹ پر پہنچا دی گئ ہے پانی کا لیول کم ہوتے ہی حب کینال کا بحالی کا کام جلد شروع کیا جائیگا ایکسن ایریگیشن کینال حب عبدالجبار زیری نے ہمارے نمائندے سے بات کرتے ہوئے کہا کہ حب ساکران زمینداروں کی گندم کی کاشتکاری کے سیزن میں زمینداروں کی مشکلات سے ایریگیشن ڈیپارٹمنٹ بقیہ نمبر 59 صفحہ 3 پر

قلات منگچر گرانی سی گرد ونواح میں گیس مکمل طور پر غائب

قلات (نامہ نگار) قلات منگچر گرانی سی گرد ونواح میں گیس مکمل طور پر غائب عوام کو اس سرد موسم میں شدید مشکلات کا سامنا بچے اور بوڑھے بیماریوں کا شکار ہونے لگے اہل علاقہ کا ایم این اے قلات ایم پی اے، ڈپٹی کمشنر زونل منیجر سوئی گیس کمپنی قلات سے فوری طور پر نوٹس لے کر گیس کی بحالی کا مطالبہ تفصیلات بقیہ نمبر 58 صفحہ 3 پر

ہفتہ وار رپورٹ، مزید 22 اشیاء ضروریہ کی قیمتوں میں اضافہ

سب سے زیادہ پیاز کی قیمت اوسطاً اڑتیس روپے اضافے سے ایک سو اکاسی روپے فی کلو تک پہنچ گئی

اسلام آباد (این این آئی) گزشتہ ایک ہفتے کے دوران مزید بائیس اشیا ضروریہ کی قیمتوں میں اضافہ ہوگیا، سب سے زیادہ پیاز کی قیمت اوسطاً اڑتیس روپے اضافے سے ایک سو اکاسی روپے فی کلو تک پہنچ گئی۔ ادارہ شماریات کے مطابق آلو کی اوسطاً کلو قیمت چار روپے اضافے سے تہتر روپے تک پہنچ گئی، چائے، چینی، چکن، جلانے کی لکڑی، چاول، دودھ، صابن، تیل سرسوں، بریڈ بھی مہنگے ہوگئے۔ ادارہ شماریات کے مطابق گزشتہ ہفتے ملک میں چودہ اشیا ضروریہ کی قیمتوں میں کمی بھی ہوئی ہے۔

ہفتہ وار مہنگائی کی شرح معمولی کمی کے بعد 29.24 فیصد پر پہنچ گئی

51 میں سے 22 اشیا کی قیمتوں میں اضافہ، 14 میں کمی، 15 اشیا کی قیمتوں میں کوئی تبدیلی نہیں آئی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی ادارہ شماریات کے مطابق 10 نومبر کو ختم ہونے والے ہفتے کے دوران ملک میں سال بہ سال مہنگائی کی شرح میں 29.24 فیصد سے معمولی کمی آگئی ہے۔ ادارہ شماریات کے مطابق ایس پی آئی میں سالانہ بنیاد پر اضافہ کچھ وقت کیلئے کم آگئی تھی اور یکم ستمبر کو ختم ہونے والے ہفتے میں 45.5 فیصد کی انتہا پر پہنچ گئی تھی۔ بتایا گیا کہ گزشتہ ہفتے سال بہ سال مہنگائی 30.6 فیصد بتائی گئی تھی۔ اسٹیٹ بینک کے تازہ دستاویزات میں دکھایا گیا تھا کہ مہنگائی کی شرح ہفتہ بہ ہفتہ 0.74 فیصد ریکارڈ کی گئی تھی جبکہ گزشتہ ہفتے 0.53 فیصد تھا اور 27 اکتوبر کو ختم ہونے والے ہفتے میں ریکارڈ 41.13 فیصد ریکارڈ کیا گیا تھا۔ ایس پی آئی ملک بھر کے 17 شہروں میں 50 مارکیٹوں سے سروے کی بنیاد پر 51 بنیادی اشیا کی نگرانی کرتا ہے۔

اسسٹنٹ کمشنر درابن نادر نذر نے مختلف فلنگ سٹیشنز کے دورہ

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں، گیج اور حفاظتی اقدامات پر عملدرآمد کے حوالے سے چیک کیا

پشاور (این این آئی) ڈپٹی کمشنر ڈیرہ اسماعیل خان نصر اللہ خان کی ہدایات کی روشنی میں اسسٹنٹ کمشنر درابن نادر نذر نے مختلف فلنگ سٹیشنز کے دورہ کیا اور پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں، گیج اور حفاظتی اقدامات پر عملدرآمد کے حوالے سے چیک کیا۔ اسسٹنٹ کمشنر نے پمپ مالکان کو سختی سے تنبیہ کرتے ہوئے ہدایات جاری کیں کہ پیمانے درست رکھیں اور اوگرا کے جاری کردہ نرخ پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں۔ بعدازاں اسسٹنٹ کمشنر درابن نے مختلف ہوٹلز کے بھی معائنے کئے اور تمام ہوٹل مالکان کو نرخنامہ نمایاں مقامات پر آویزاں کرنے، ان پر مکمل عملدرآمد کرنے اور اشیاء کے معیار و صفائی کا خاص خیال رکھنے سے متعلق ہدایات جاری کیں۔

سود سے نجات اسلامی خوشحال پاکستان کی طرف بڑی پیشرفت ہوگی، عبدالحق ہاشمی

وزیر خزانہ اسحاق ڈار کی جانب سے سود کیخلاف درخواستیں واپس لینے کا اعلان خوش آئند ہے

الحمد اللہ آج جماعت اسلامی کی پارلیمان سے عدالت تک مسلسل جدوجہد رنگ لے آئی ہے جس پر پوری قوم کو مبارک باد دیتے ہیں، امیر جماعت اسلامی بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان مولانا عبدالحق ہاشمی نے کہا ہے کہ وزیر خزانہ اسحاق ڈار کی جانب سے سود کے خلاف درخواستیں واپس لینے کا اعلان خوش آئند ہے، الحمد اللہ آج جماعت اسلامی کی پارلیمان سے عدالت تک مسلسل جدوجہد رنگ لے آئی ہے جس پر پوری قوم کو مبارک باد دیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سودی معیشت ایک ناسور ہے جس نے تباہی کے سوا کچھ نہیں دیا، حکومت فوری طور پر ملکی معیشت کو سود سے پاک کرنے کے لئے اقدامات کرے، سود سے نجات اسلامی خوشحال پاکستان کی طرف بڑی پیش رفت ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ ملک وقوم کی ترقی کے لئے سودی معاشی نظام کا مکمل خاتمہ کرنا ہوگا، سودی نظام تمام مسائل کی بنیادی جڑ ہے۔ مولانا عبدالحق ہاشمی نے کہا کہ آئی ایم ایف بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر

بشیر احمد لانگو ایڈووکیٹ سے ان بھائی کی وفات پر اظہار تعزیت

حب (نمائندہ خصوصی) بشیر احمد لانگو ایڈووکیٹ سے ان بھائی کی وفات پر اظہار تعزیت کرتے ہوئے لسبیلہ ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن کے صدر مجیب الرحمن بلوچ، نائب صدر میر بقیہ نمبر 57 صفحہ 3 پر

مختلف محکمہ جات کو اسٹیٹ لینڈ دینے کے حوالے سے پیپر ورک جلدی مکمل کیا جائے، زاہد اختر زمان

ایکوائر کی جانے والی زمین کے مالکان کو یکمشت ادائیگیوں کو بروقت یقینی بنایا جائے، سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو

لاہور (این این آئی) سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو زاہد اختر زمان کی زیر صدارت سکروٹنی کمیٹی برائے ایکشن آف لینڈ کا اجلاس کمیٹی روم میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں ممبر ٹیکسز نوید حیدر شیرازی، سیکرٹری کالونیز ملک عبدالواحد، سیکرٹری ایس اینڈ آر ڈی جی پی ایل آر اے اکرام الحق، ڈپٹی سیکرٹری کالونیز محمد نثار، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو لاہور سمیت دیگر افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں عدالتوں اور دیگر محکموں کے نئے دفاتر کی بلڈنگز کے لیے اسٹیٹ لینڈ دینے کے معاملات پر غور کیا گیا۔ اجلاس میں ہربنس پورہ میں عدالتوں کی نئی بلڈنگز کے قیام کے لیے 40 کنال اور اینٹی کرپشن ڈیپارٹمنٹ کے نئے دفاتر کی بلڈنگز کے لیے ہربنس پورہ میں 10 کنال اسٹیٹ لینڈ دینے پر غور کیا گیا۔

کل بھی گجرات عمران خان کے ساتھ تھا، آج بھی خان کے ساتھ ہے، حسین الٰہی

گجرات والوں نے حقیقی آزادی لانگ مارچ میں جوق در جوق شرکت کر کے حق ادا کر کے دکھایا ہے

لاہور (این این آئی) حسین الٰہی نے کہا ہے کہ کل بھی گجرات عمران خان کے ساتھ تھا آج بھی گجرات عمران خان کے ساتھ ہے۔ گجرات میں حقیقی آزادی لانگ مارچ کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے حسین الٰہی نے کہا کہ عمران خان ایک قدم آگے بڑھائیں گے گجرات آپ کے ساتھ دو قدم آگے چلے گا۔ حسین الٰہی نے کہا کہ پرویز الٰہی صاحب اور مونس الٰہی نے جو فیصلہ کیا تھا کل بھی اس فیصلے پر ڈٹ کر کھڑے تھے آج بھی قائم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آنے والے دنوں میں بھی عمران خان کے ساتھ ہمیشہ ڈٹ کر کھڑے ہوں گے۔ عوام کا جوش وخروش بتا رہا ہے کہ گجرات کس کے ساتھ کھڑا ہے۔ حسین الٰہی نے کہا کہ گجرات میں حقیقی آزادی لانگ مارچ کے شرکاء کا خیر مقدم کرتے ہیں۔

تربت، صوبائی وزیر صحت سید احسان شاہ تربت کے علاقے سنگانی سر میں محمد اسحاق کی اہلیہ کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

لورالائی، کمشنر لورالائی ڈویژن محمد گل خلجی بی آر ایس پی کی جانب سے خصوصی افراد کو فراہم کی گئی ویل چیئر تقسیم کر رہے ہیں